★★★ اب ہر نئی صبح کا سورج طلوع ہوگا نوید پاکستان کے ساتھ ★★★

راولپنڈی، اسلام آباد، ملتان، کراچی، فیصل آباد، جہلم، گجرات، اوکاڑہ، بہاولنگر، چشتیاں، ہارون آباد اور قصور میں سرکولیشن جاری ہے

ABC CERTIFIED

DAILY NAVEED E PAKISTAN LAHORE

چیف ایڈیٹر، رانا خلیل ضمیر

لاہور

بہاولنگر

# روزنامہ نویدِ پاکستان

سب ایڈیٹر: مظہر حیات | ایڈیٹر: اکبر علی بھٹی | مینجنگ ایڈیٹر چوہدری وقاص علی

جلد نمبر 31 | منگل، 09 جون 2026، 23 ذوالحجہ 1447ھ | صفحات 4، قیمت 15 روپے | شمارہ نمبر 05

## سمیاتی تبدیلی صحت اور خوراک کیلئے بڑا خطرہ ہے: صدر و وزیراعظم

پانی کے مؤثر استعمال اور فضلہ میں کمی کی فوری ضرورت ہے، جنگلات کے تحفظ اور حیاتیاتی تنوع کے فروغ کی ضرورت ہے، قابلِ تجدید توانائی کے منصوبوں کو تیز کرنے پر توجہ دینی چاہئے

اسلام آباد (بیورو چیف) صدرِ مملکت آصف علی زرداری اور وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ موسمیاتی تبدیلی صحت، معیشت اور خوراک کے لیے بڑا خطرہ ہے۔ صدرِ مملکت آصف علی زرداری نے یومِ ماحولیات پر عالمی و قومی سطح پر ماحولیاتی تحفظ پر زور دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان کم اخراج کے باوجود کلائمیٹ رسک ممالک میں سرفہرست ہے، گلیشیئرز کے پگھلنے، سیلاب اور گرمی کی لہروں پر تشویش ہے۔ صدر زرداری نے کہا کہ پانی کے مؤثر استعمال اور فضلہ میں کمی کی فوری ضرورت ہے، جنگلات کے تحفظ اور حیاتیاتی تنوع کے فروغ کی ضرورت ہے، قابلِ تجدید توانائی کے منصوبوں کو تیز کرنے پر توجہ دینی چاہئے۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں، میڈیا اور سول سوسائٹی کو کردار ادا کرنا چاہئے، ماحولیاتی تحفظ کو قومی (بقیہ نمبر 37)

### سابق وزیراعظم نواز شریف سوئٹزرلینڈ چلے گئے



لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کے صدر اور سابق وزیراعظم نواز شریف سوئٹزرلینڈ (بقیہ نمبر 6)

### ڈریپ کو آئی سی ایچ میں مبصر کا درجہ ملنا ایک تاریخی کامیابی ہے، وفاقی وزیر صحت

اسلام آباد (این این آئی) ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی آف پاکستان (ڈریپ) کو انٹرنیشنل کونسل فار (بقیہ نمبر 5)

### ایک دوسرے کو ڈاکو کہہ کر اکٹھے ڈکیتی کرنیوالے گلگت بلتستان میں عوام کو رورغلا رہے ہیں، اختر ڈار

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف نظریاتی کے چیئرمین اختر اقبال ڈار نے کہا ہے کہ (بقیہ نمبر 4)

### جماعت اسلامی مہنگائی، پٹرولیم قیمتوں اور ٹیکسوں کے خلاف ملک گیر تحریک چلائے گی، لیاقت بلوچ



اسلام آباد (این این آئی) جماعت اسلامی پنجاب شمالی کی قائمہ کمیٹی برائے سیاسی امور کا خصوصی (بقیہ نمبر 3)

### حنیف عباسی کا پنجگور آپریشن میں فتنہ الہندوستان کے 6 دہشت گرد ہلاک کرنے پر سیکیورٹی فورسز کو زبردست خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر ریلوے محمد حنیف عباسی نے پنجگور آپریشن میں فتنہ (بقیہ نمبر 2)

## پنجگور میں سیکیورٹی فورسز کا آپریشن، بھاتی سرپرستی میں کام کرنے والے 6 دہشت گرد ہلاک

علاقے میں کلیئرنس اور سرچ آپریشن جاری ہے تاکہ کسی بھی دوسرے دہشت گرد کی موجودگی کا خاتمہ کیا جا سکے

(بیورو رپورٹ) پنجگور میں سیکیورٹی فورسز نے آپریشن کرتے ہوئے 6 مبینہ بھارتی سرپرستی میں کام کرنے والے دہشت گردوں کو ہلاک کر کے ان کے قبضے سے اسلحہ اور دھماکا خیز مواد برآمد کرلیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کی جانب سے جاری بیان کے مطابق سیکیورٹی فورسز نے 3 اور 4 جون کی درمیانی شب بلوچستان کے ضلع پنجگور میں خفیہ اطلاع پر مبنی آپریشن کیا، جہاں بھارتی (بقیہ نمبر 9)

### قائم مقام امریکی سفیر سے نوید انور چودھری کی ملاقات

نیٹلی بیکر نے پاک امریکہ تعلقات میں پاکستانی نژاد امریکیوں کے کردار کو سراہا

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں امریکہ کی قائم مقام سفیر نیٹلی بیکر سے امریکی شکاگو لینڈ چیمبر اف کامرس کے صدر نوید انور چودھری نے ملاقات کی۔ ملاقات میں پاک امریکہ تجارتی تعلقات کو مزید فروغ دینے سمیت دیگر معاملے دلچسپی کے امور پر بات چیت کی (بقیہ نمبر 7)

### وزیر اعلیٰ مریم کا پنجگور میں 6 دہشتگرد ہلاک کرنے پر اظہار تشکر

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پنجگور میں 6 دہشتگرد (بقیہ نمبر 8)

اسلام آباد، وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب فنانس ڈویژن میں اقتصادی رابطہ کمیٹی (ای سی سی) کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

## چھوٹے دکانداروں کیلئے فکسڈ ٹیکس سکیم متعارف

شناختی پلیٹ پر دکان کا نام، این ٹی این اور ٹیکس سے متعلق معلومات درج ہوں گی، پلیٹ پر موجود کیو آر کوڈ کے ذریعے ایف بی آر انسپکٹر تصدیق کرے گا، کیو آر کوڈ اسکین کیے بغیر کسی انسپکٹر کو دکان میں داخل ہونے کی اجازت نہیں ہوگی

اسکیم میں شامل دکانداروں کو عمومی آڈٹ سے استثنا حاصل ہوگا، کسی خصوصی آڈٹ سے قبل تاجر تنظیموں سے مشاورت کی جائے گی، آڈٹ معاملات کے لیے ایک باقاعدہ کمیٹی بھی قائم کی جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے چھوٹے دکانداروں کیلئے فکس ٹیکس اسکیم لانے کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ حکومت چھوٹے دکانداروں کیلئے فکس ٹیکس اسکیم لا رہی ہے، مشاورت اور انجمن تنظیم تاجران کے مطالبے پر یہ اسکیم لا رہی ہے، اس آسان اسکیم کا اطلاق ان دکانداروں پر ہوگا جن کی فروخت سال کی 20 کروڑ یا اس سے کم ہے، ایک فیصد اس میں فکس ٹیکس ہوگا، وہ ہولڈنگ ٹیکس اگر پہلے سے کٹا ہوا ہے تو وہ اس میں ایڈجسٹ ہوگا، کم سے کم بھی دکاندار کو 25 ہزار روپے جمع کروانا ہوگا، اگر دکاندار کے ٹرن اوور کی مقدار زیادہ ہوگی تو اس (بقیہ نمبر 13)

ایچ ای پاکستان میں وفاقی جمہوریہ ایتھوپیا کے سفیر ڈاکٹر عمیر حسین اوباجیر مین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی سے اسلام آباد میں ان کی رہائش گاہ پر ملاقات کی۔

## ہمارے خطے کو سنگین اور پیچیدہ سیکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے، محسن نقوی

دہشت گردی، منظم جرائم، منشیات کی سمگلنگ، سائبر کرائم اور ٹیرر فنانسنگ کے خلاف مشترکہ حکمت عملی ناگزیر ہے، وزیر داخلہ کا خطاب

بشکک (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ سید محسن نقوی نے کہا ہے کہ ہمارے خطے کو سنگین اور پیچیدہ سیکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے، دہشت گردی، منظم جرائم، منشیات کی سمگلنگ، سائبر کرائم اور ٹیرر فنانسنگ کے خلاف مشترکہ حکمت عملی ناگزیر ہے۔ شنگھائی تعاون تنظیم کے رکن ممالک کے وزرائے داخلہ و پبلک سیکیورٹی کے خصوصی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے محسن نقوی نے کہا کہ جرائم پیشہ نیٹ ورکس مصنوعی ذہانت (بقیہ نمبر 14)

## راولپنڈی کینٹ میں شکایت کنندہ پر دباؤ ڈالنے کے الزامات، موقف تبدیل کروانے کی مبینہ کوششیں جاری

ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کا مؤقف لڑائی جھگڑا کنٹونمنٹ بورڈ پالیسی نہیں، ذاتی فعل ہو سکتا ہے

راولپنڈی (رانا سیف الرحمن) ذرائع کے مطابق راولپنڈی کینٹ میں بعض اہلکاروں کی جانب سے شریف شہری خالد فاروق نامی شکایت کنندہ اور فرض شناس شہری سپین بادشاہ نامی کو اپنے مؤقف سے دستبردار کروانے اور بیان تبدیل کرنے پر آمادہ کرنے کے لیے مبینہ دباؤ ڈالے جانے کی اطلاعات سامنے آ رہی ہیں۔ ذرائع کا دعویٰ ہے کہ شکایت کنندہ کو ہراساں کرنے اور خوفزدہ کرنے کے لیے مختلف حربے بھی استعمال کیے جا رہے ہیں، جبکہ بعض حلقوں میں مبینہ طور پر مار پیٹ کے الزامات بھی زیر بحث رہے ہیں ذرائع کے مطابق کینٹ اہلکار عمر خان گروپ سے منسلک بعض افراد اب بھی مختلف الخوائریوں کی زد میں ہیں، جبکہ یہ تاثر بھی پایا جاتا ہے کہ بعض بااثر شخصیات کی مبینہ سرپرستی کے باعث متعلقہ عناصر خود کو احتساب سے بالاتر سمجھتے ہیں ذرائع کا مزید کہنا ہے کہ عمر خان کے خلاف ماضی میں موصول ہونے والی شکایات کے نتیجے میں تبادلے بھی کیے گئے، تاہم مبینہ طور پر اثر و رسوخ استعمال کرتے ہوئے انہیں دوبارہ راولپنڈی تعینات کروایا جاتا رہا جبکہ عمر خان کا میٹ سے سینئری سپروائزر کا سفر اور اس سے بھی اوپر پھر یوڈی سی پر ترقی ہونے کے باوجود یہ ترقی راولپنڈی کینٹ میں ہوئی ٹرانسفر ضروری تھی جو چند دن فیک ٹرانسفر واہ کینٹ ہوئی اور واپس راولپنڈی ہی آ گیا اس حوالے سے یہ سب ہیڈ کوارٹر کی ایک بااثر شخصیت کی مبینہ سرپرستی کی بازگشت بھی سننے میں آ رہی ہے، جبکہ بعض ذرائع کا دعویٰ ہے کہ ہیڈ کوارٹر کے ایک اعلیٰ افسر کی مبینہ آشیر باد کے تحت کنٹونمنٹ کے انتظامی معاملات میں غیر معمولی اثر و رسوخ قائم کرنے کی کوششیں کی جا رہی ہیں اور مختلف الخوائریوں میں بھی جو کرپشن پر جاری ہیں ان کو بھی بچ کیا جا رہا ہے، مبصرین کے مطابق اگر یہ الزامات درست ثابت ہوتے ہیں تو یہ ادارہ جاتی قواعد و ضوابط اور شفافیت کے اصولوں کے منافی ہوں گے دوسری جانب شریف شہری سپین بادشاہ نامی شخص کو مار پیٹ خالد فاروق نامی شخص کی مار پیٹ پر ایگزیکٹو آفیسر راولپنڈی کے مؤقف کے مطابق لڑائی جھگڑا یا کسی شکایت کنندہ پر دباؤ ڈالنا کنٹونمنٹ بورڈ کی پالیسی کا حصہ نہیں۔ ان کے مطابق اگر کوئی اہلکار ایسے کسی عمل میں ملوث پایا جاتا ہے تو وہ اس کا ذاتی فعل تصور ہوگا اور اسے ادارے کی پالیسی سے منسوب نہیں کیا جا سکتا۔ ان کا کہنا ہے کہ قانون اور قواعد کے مطابق ہر معاملے کی جانچ پڑتال کی جاتی ہے اور کسی بھی غیر قانونی یا غیر اخلاقی اقدام کی حوصلہ افزائی نہیں کی جاتی۔ جس کی مثال عمر خان کو سیٹ سے الگ کرنے کی دی گئی لیکن ذرائع کے مطابق عمر خان اب بھی وہ سب جاری رکھے ہوئے ہے صرف افسران کی آنکھوں میں دھول جھونکنے کے مترادف ہے شہری حلقوں اور مختلف ذرائع نے مطالبہ کیا ہے کہ معاملے کی شفاف، غیر جانبدار اور جامع تحقیقات کرائی جائیں تاکہ حقائق عوام کے سامنے آ سکیں۔ ان کا مؤقف ہے کہ اگر شکایت کنندگان کو دباؤ میں لانے، اختیارات کے ناجائز استعمال یا اثر و رسوخ کے ذریعے انتظامی معاملات پر اثر انداز ہونے کے الزامات درست ثابت ہوں تو ذمہ دار عناصر کے خلاف قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے شہریوں نے ڈائریکٹر جنرل ملٹری لینڈز اینڈ کنٹونمنٹس اور ڈائریکٹر جنرل ملٹری انٹیلیجنس سے بھی مطالبہ کیا ہے کہ وہ معاملے کا فوری نوٹس لیتے ہوئے الزامات کی مکمل تحقیقات یقینی بنائیں تاکہ اداروں کی ساکھ، شفافیت اور عوامی اعتماد کو برقرار رکھا جا سکے۔

## ملک یاسر کی ریحان علی کی ولیمہ تقریب میں شرکت

نیشنل پولیس فاؤنڈیشن میں شاندار ولیمہ تقریب کا انعقاد

اسلام آباد: پنجاب میڈیا ایسوسی ایشن PMA کے مرکزی صدر ملک یاسر نے گزشتہ روز ریحان علی کی دعوتِ ولیمہ کی پُروقار تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ یہ شاندار تقریب نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے قریب واقع ایگزیکٹو مارکی، اٹک پٹرولیم کے عقب میں منعقد ہوئی جس میں جڑواں شہروں کی نامور سیاسی، سماجی، کاروباری اور صحافتی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ صدر PMA ملک یاسر نے اس موقع پر دولہا ریحان علی کو شادی خانہ آبادی کی مبارکباد دی اور ان کی نئی زندگی کے لیے نیک خواہشات اور دعاؤں کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ خوشی کے ایسے مواقع باہمی محبت، بھائی چارے اور سماجی روابط کو مضبوط بناتے ہیں۔ تقریب میں علاقے کی معروف کاروباری و سماجی شخصیات ملک عاشق حسین، حاجی محبوب حسین، حاجی ملک شوکت اور نوجوان رہنما ملک رضوان ظہور نے بھی شرکت کی۔ معزز مہمانوں نے دولہا اور ان کے اہلِ خانہ کو گلدستے اور تحائف پیش کیے۔ ایگزیکٹو مارکی کی خوبصورت لائٹنگ اور جدید انتظامات نے تقریب کو چار چاند لگا دیے۔ منتظمین کی جانب سے مہمانوں کے لیے پُرتکلف اور ذائقے دار عشائیے کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا تھا جسے شرکاء نے بے حد سراہا۔ تقریب کا ماحول انتہائی خوشگوار اور خاندانی نوعیت کا رہا۔ *اختتام پر دولہا کے والد اور اہلِ خانہ نے صدر PMA ملک یاسر سمیت تمام معزز مہمانوں، دوست احباب اور عزیز و اقارب کا اپنی مصروفیت سے وقت نکال کر تقریب کو رونق بخشنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور ان کی تشریف آوری کو باعثِ فخر قرار دیا۔

## ملک کا مثبت تصور اجاگر کرنے کے لیے ہم سب کو اپنا تعمیری کردار ادا کرنا ہوگا، صوبائی وزیر

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے اقلیتی امور سردار رمیش سنگھ اروڑہ نے اسلام آباد میڈیکل اینڈ ڈینٹل کالج کا دورہ کیا۔ کالج انتظامیہ کی جانب سے صوبائی وزیر کو کالج کی کارکردگی اور طلبا کو فراہم کی جانے والی سہولیات کے حوالے سے بریفنگ دی گئی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ (بقیہ نمبر 12)

## بحیرہ عرب میں شدید سمندری گرمی کی لہر، پاکستان کے لیے فوری موسمیاتی اقدامات ناگزیر ہیں، جنید انور چودھری

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے بحری امور محمد جنید انوار چوہدری نے بحیرہ عرب میں زیرِ آب غیر معمولی حدت پر (بقیہ نمبر 11)

## رہائشی علاقے میں قائم سوڈا واٹر فیکٹری اہلِ علاقہ کیلئے خطرے کی گھنٹی

رہائشی آبادی کے وسط میں غیر معیاری کولڈ ڈرنکس فیکٹری، بڑے گیس سلنڈروں اور ناقص صفائی سے شہری خوفزدہ۔ متعلقہ ادارے فوری بند کرائیں

راولپنڈی (کرائم رپورٹر/نصیر وڑائچ) تھانہ پیرودھائی کے علاقے گلی نمبر 1، گلزارِ مدینہ مسجد کے قریب ایک دکان میں قائم سوڈا واٹر اور کولڈ ڈرنکس کی فیکٹری مقامی آبادی کے لیے سنگین خطرات کا باعث بن گئی ہے۔ اہل علاقہ کے مطابق فیکٹری رہائشی علاقے کے عین وسط میں چلائی جا رہی ہے جہاں نہ تو حفاظتی ایس او پیز پر عمل کیا جا رہا ہے اور نہ ہی صفائی ستھرائی کے بنیادی اصولوں کو مدنظر رکھا جاتا ہے۔ مقامی شہریوں کا کہنا ہے کہ فیکٹری میں انتہائی بڑے گیس سلنڈروں کا استعمال کیا جا رہا ہے، جبکہ ان کے تحفظ اور نگرانی کے لیے مناسب انتظامات موجود نہیں۔ شہریوں نے خدشہ ظاہر کیا ہے کہ خدانخواستہ کسی حادثے یا دھماکے کی صورت میں قریبی آبادی کو شدید جانی و مالی نقصان پہنچ سکتا ہے۔ اہل علاقہ کے مطابق کولڈ ڈرنکس اور سوڈا واٹر کی تیاری ایسے ماحول میں کی جا رہی ہے جہاں صفائی کے ناقص انتظامات صحت عامہ کے لیے بھی خطرہ بن سکتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ فیکٹری کے اطراف روزانہ بچوں، خواتین اور بزرگوں کی بڑی تعداد کا آنا جانا رہتا ہے، جس کے باعث ہر وقت کسی ناخوشگوار واقعے کا اندیشہ موجود رہتا ہے۔ شہریوں نے الزام عائد کیا ہے کہ متعدد بار شکایات کے باوجود مستقل اور مؤثر کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ بعض اوقات کارروائی کے نام پر فیکٹری کو عارضی طور پر بند کیا جاتا ہے مگر کچھ ہی عرصے بعد دوبارہ کام شروع کر دیا جاتا ہے۔ اہل علاقہ نے کمشنر راولپنڈی، ڈپٹی کمشنر، پنجاب فوڈ اتھارٹی، سول ڈیفنس، ریسکیو 1122 اور دیگر متعلقہ اداروں سے فوری نوٹس لینے کا مطالبہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ انسانی جانوں اور صحت عامہ کو لاحق خطرات کے پیش نظر فیکٹری کا معائنہ کیا جائے اور قانون کے مطابق کارروائی عمل میں لائی جائے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو کسی بھی ممکنہ حادثے یا سانحے کی ذمہ داری متعلقہ اداروں پر عائد ہوگی۔

## سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں مہنگائی کے تناسب سے فوری طور پر 200 فیصد اضافہ کیا جائے

ملازمین اور پنشنرز کو درپیش معاشی مشکلات کا ازالہ ہو سکے

پنڈی گھیب (ملک کاشف) سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں مہنگائی کے تناسب سے فوری طور پر 200 فیصد اضافہ کیا جائے تاکہ ملازمین اور پنشنرز کو درپیش معاشی مشکلات کا ازالہ ہو سکے۔ ان خیالات کا اظہار نیچرز یونین اٹک کے رہنماؤں سابق صدر خلیل الرحمٰن خٹک، سردار زادہ سلطان محمود، حاجی افضل لاہم، عبدالرؤوف، سید فرحت عباس اور وحید احمد سمیت دیگر نے اپنے ایک مشترکہ بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ گزشتہ چند برسوں کے دوران مہنگائی کی شرح میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے جبکہ سرکاری ملازمین کی تنخواہوں اور پنشن میں اس تناسب سے اضافہ نہیں کیا گیا جس کی وجہ سے ملازمین کی قوت خرید بری طرح متاثر ہوئی ہے اشیائے خورد و نوش، بجلی، گیس، پٹرولیم مصنوعات، ادویات اور بچوں کی تعلیم کے اخراجات میں مسلسل اضافے نے سرکاری ملازمین اور پنشنرز کی زندگی کو انتہائی دشوار بنا دیا ہے۔ یونین رہنماؤں کا کہنا ہے کہ موجودہ حالات میں سرکاری ملازمین اپنی بنیادی ضروریات پوری کرنے سے بھی قاصر ہیں۔ انہوں نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ آئندہ بجٹ میں تنخواہوں اور پنشن میں کم از کم 200 فیصد اضافہ کیا جائے، ہاؤس رینٹ، میڈیکل اور دیگر الاؤنسز کو بھی موجودہ معاشی حالات کے مطابق بڑھایا جائے اور پنشنرز کو خصوصی ریلیف فراہم کیا جائے انہوں نے مزید کہا کہ سرکاری ملازمین ریاستی امور کی انجام دہی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، لہٰذا ان کے معاشی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جانا چاہیے اگر ملازمین کے جائز مطالبات کو نظر انداز کیا گیا تو مختلف ملازم تنظیمیں مشترکہ لائحہ عمل اختیار کرنے پر مجبور ہوں گی نیچرز یونین رہنماؤں نے امید ظاہر کی کہ حکومت بجٹ سازی کے عمل میں سرکاری ملازمین و پنشنرز کے مسائل کو مدنظر رکھتے ہوئے ایسے اقدامات کرے گی جن سے ان کی معاشی مشکلات میں حقیقی کمی آئے اور وہ بہتر انداز میں اپنی پیشہ ورانہ ذمہ داریاں سرانجام دے سکیں۔

## منشیات، ناجائز اسلحہ اور اشتہاریوں کے خلاف کامیاب کارروائیاں

پٹرولنگ پولیس چوک پنڈوڑی کے اہلکاروں کو تعریفی اسناد

راولپنڈی (بیورو رپورٹ) منشیات و اسلحہ ناجائز اور اشتہاریون کے خلاف پٹرولنگ پولیس چوک پنڈوڑی کو پی ایچ پی افسران کی طرف سے تعریفی اسناد دی پنجاب ہائی وے پٹرول عوام کے جان و مال کے تحفظ، شاہراہوں پر امن و امان کے قیام اور منشیات اسمگلنگ عدالتی مفروران اور اشتہاریوں کی گرفتاری کے لیے ہمہ وقت سرگرم عمل ہے۔

## محمد عاصم شفیق اور حمزہ شفیق رشتہ ازدواج میں منسلک

دعوت ولیمہ میں سیاسی و سماجی شخصیات سمیت اہل علاقہ کی کثیر تعداد میں شرکت

دولتالہ (محمد فرقان قریشی) محمد شفیق کے صاحبزادگان اور محمد سہیل کے برادر اصغر محمد عاصم شفیق اور حمزہ شفیق رشتہ ازدواج میں منسلک ہوگئے، دعوت ولیمہ گزشتہ روز جھنگی پھیرو میں سرانجام پائی، دعوت ولیمہ میں عزیز و اقارب، دوست احباب سمیت مذہبی، سیاسی و سماجی شخصیات کی کثیر تعداد نے شرکت کی اور دولہا محمد عاصم شفیق اور حمزہ شفیق کو رشتہ ازدواج میں منسلک ہونے پر مبارکباد پیش کرتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا

## پاکستان میں غربت مہنگائی کے خاتمے کیلئے عوام دوست بجٹ کی ضرورت ہے

مہنگائی، غربت اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے حکومت کو سنجیدہ اور عوام دوست فیصلے کرنے ہوں گے

راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) چیئرمین پاکستان تحریک شاد باد ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے کہا ہے کہ پاکستان میں غربت و مہنگائی کے خاتمے کے لیے عوام دوست بجٹ کی ضرورت ہے، مہنگائی، غربت اور بے روزگاری کے خاتمے کے لیے حکومت کو سنجیدہ اور عوام دوست فیصلے کرنے ہوں گے، پاکستان تحریک شاد باد ہمیشہ پاکستان کی سالمیت اور عوام کی خوشحالی کی بات کرتی ہے اگر بجٹ عوام دوست ہوگا تو مہنگائی کی خاتمے میں مدد ملے گی ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز یہاں منعقدہ عوامی تقریب میں اظہار خیال کرتے ہوئے کیا دیگر مقررین نے بھی عام بجٹ کو عوام دوست بجٹ بنانے کی ضرورت پر زور دیا جبکہ ڈاکٹر محمد حنیف مغل نے مزید کہا کہ جب تک ہم عام عوام کا خیال نہیں رکھتے اور ان کو غربت مہنگائی اور بیروزگاری کے عفریت سے جان نہیں چھڑاتے ملک کی ترقی مشکل ہے، ہمیں چاہیے کہ عوام کو ہوش ربا مہنگائی سے بچانے کے لیے عملی اقدامات کریں اور آمدہ بجٹ میں مہنگائی کی شرح کو کم کرنے کے لیے خصوصی اقدامات کیے جائیں۔

## معروف شاعر راجہ یعقوب انجم کو ''عنبرِ پوٹھوار'' کے خطاب سے نواز دیا گیا

اس اعزاز کو پوٹھواری ادب اور ثقافت سے منسلک تمام اہل قلم کے نام کرتا ہوں: راجہ یعقوب انجم

دولتالہ (محمد فرقان قریشی) انجمن ادب پوٹھوار واہ کینٹ کے زیر اہتمام منعقدہ ایک پروقار ادبی تقریب میں خطۂ پوٹھوار کے ممتاز شاعر، ادیب اور رائٹر راجہ یعقوب انجم کو پوٹھواری زبان و ادب کے فروغ اور گراں قدر ادبی خدمات کے اعتراف میں اعزازی شیلڈ اور ''عنبرِ پوٹھوار'' کے معزز خطاب سے نوازا گیا، راجہ یعقوب انجم طویل عرصے سے پوٹھواری زبان، ثقافت اور تہذیبی ورثے کے تحفظ اور ترویج کے لیے سرگرم عمل ہیں، ان کی شاعری اور نثری تخلیقات نے نہ صرف پوٹھواری ادب کو نئی جہتیں عطا کی ہیں بلکہ نوجوان نسل میں اپنی مادری زبان سے محبت اور وابستگی کو بھی فروغ دیا ہے، ان کا مشہور زمانہ کلام ''اچھو تساں کی سوہنڑاں پوٹھوار دساں'' پوٹھوار کی خوبصورتی، ثقافتی رنگا رنگی اور تاریخی اہمیت کی بھرپور عکاسی کرتا ہے، تقریب میں ادبی، سماجی اور ثقافتی شخصیات کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور راجہ یعقوب انجم کی ادبی خدمات کو خراج تحسین پیش کیا، مقررین نے کہا کہ راجہ یعقوب انجم کی تخلیقات پوٹھواری زبان و ادب کا قیمتی سرمایہ ہیں اور ان کی خدمات نئی نسل کے لیے مشعل راہ کی حیثیت رکھتی ہیں، اس موقع پر راجہ یعقوب انجم نے کہا کہ میں انجمن ادب پوٹھوار واہ کینٹ کا تہہ دل سے شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میری ادبی کاوشوں کو اس اعزاز کے قابل سمجھا ''عنبرِ پوٹھوار'' کا یہ خطاب میرے لیے باعثِ فخر ہونے کے ساتھ ساتھ ایک نئی ذمہ داری بھی ہے، یہ اعزاز دراصل پوٹھواری زبان، ثقافت اور ان تمام اہل قلم کے نام کرتا ہوں جو اپنی دھرتی کی شناخت اور تہذیبی ورثے کو زندہ رکھنے کے لیے کوشاں ہیں، تقریب کے اختتام پر شرکاء نے راجہ یعقوب انجم کو اس نمایاں اعزاز پر مبارکباد پیش کی اور پوٹھواری ادب کے فروغ کے لیے ان کی مسلسل خدمات کو سراہتے ہوئے نیک تمناؤں کا اظہار کیا۔

## پنجاب کی طرح وفاق اسلام آباد میں بھی فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں

ہماری پارٹی حقیقی معنوں میں اقتدار کو بلدیات کی سطح پر منتقل کرنے کی حامی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ عوام کے مسائل ہی بلدیاتی انتخابات ہیں



راولپنڈی (سٹاف رپورٹر) پاکستان عوامی قوت پارٹی کے سربراہ اور راول فاؤنڈیشن اور راول جنرل ہاسپٹل کے چیئرمین خاقان وحید خواجہ نے پنجاب میں بلدیاتی انتخابات کرانے کی بازگشت کو خوش آئند قرار دیتے ہوئے اسے وقت کی ضرورت قرار دیتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ پنجاب کی طرح وفاق اسلام آباد میں بھی فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے جائیں۔ ذرائع اہلاغ کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے چیئرمین پاکستان عوامی قوت خاقان وحید خواجہ نے کہا کہ ہماری پارٹی حقیقی معنوں میں اقتدار کو بلدیات کی سطح پر منتقل کرنے کی حامی ہے اور ہم سمجھتے ہیں کہ عوام کے مسائل ہی بلدیاتی انتخابات ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس سے پہلے بھی پنجاب میں اور اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کی تاریخوں کا اعلان کیا گیا امیدواروں نے بھاری بھاری فیسیں جمع کرائیں بلدیاتی انتخابات کی تیاریاں کیں لیکن عین وقت پر حکومت بلدیاتی انتخابات کرانے سے مکر گئی جس سے عوام میں شدید تشویش پائی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت اسلام آباد میں بھی فوری طور پر بلدیاتی انتخابات کرائے اور پنجاب میں بھی یہ عوام کا بنیادی حق ہے جو ان سے نہ چھینا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت اس مرتبہ بھی اپنے بلدیاتی انتخابات کرانے کے اعلان اور وعدے سے پیچھے ہٹی تو ہم عوام کے پاس جائیں گے اور ان کے فیصلے کے ساتھ ہوں گے۔

## چکوال! شہنشاہ اعزازات نے ڈپٹی کمشنر چکوال کو معروف مصور عدیل خان کا بنایا پورٹریٹ پیش کیا

راجہ مجاہد افسر خان نے سارہ حیات گوندل کی ضلع کیلئے گراں قدر خدمات کے اعتراف میں انہیں ان کا پورٹریٹ خصوصی طور پر پیش کیا

چکوال۔۔۔مرزا ساجد اقبال سے راجہ مجاہد افسر خان نے سارہ حیات گوندل کی ضلع کیلئے گراں قدر خدمات کے اعتراف میں انہیں ان کا پورٹریٹ خصوصی طور پر پیش کیا راجہ مجاہد افسر کی سماجی خدمات قابل تعریف، بلاشبہ ضلع چکوال میں سماجی سطح پر راجہ مجاہد افسر ڈنڈوت اپنی پہچان آپ ہیں۔ ڈپٹی کمشنر چکوال اخراجات سے مکمل کر کے قصبہ کے عوام کو تحفہ پیش کیا راجہ مجاہد افسر نے ڈپٹی کمشنر چکوال کی انتظامی صلاحیتوں کو سراہتے ہوئے انہیں ضلع کیلئے ایک مخلص سربراہ قرار دیا ڈپٹی کمشنر چکوال سارہ حیات گوندل نے راجہ مجاہد افسر کے آبائی قصبہ ڈنڈوت میں قائم کردہ نادرہ دفتر اور اراضی سنٹر کے جلد افتتاح کا یقین دلایا نادرہ سنٹر، پولیس خدمت سنٹر اور اراضی سنٹر کی تعمیر راجہ مجاہد افسر نے ذاتی

## جنگشاہی میں شدید گرمی، بزرگ خاتون بے ہوش ہو گئیں

### شہریوں نے بجلی کی بندش کے خاتمے کا مطالبہ کیا



جنگشاہی نمائندہ رپورٹ (رضوان علی بروھی)
جنگشاہی میں شدید گرمی اور بجلی کی بندش، بزرگ خاتون سمیت کئی افراد بے ہوش جنگشاہی میں 40 ڈگری سینٹی گریڈ سے زائد درجہ حرارت اور طویل بجلی بندش کے باعث ہیٹ اسٹروک کے واقعات سامنے آنے لگے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق 1122 ایمرجنسی ایمبولینس سروس کے ڈرائیور امام بخش بلوچ اور ایک بزرگ خاتون شدید گرمی کی وجہ سے بے ہوش ہو گئے، جنہیں مقامی افراد نے فوری طور پر رورل ہیلتھ سینٹر جنگشاہی منتقل کیا۔ رورل ہیلتھ سینٹر میں ڈیوٹی پر موجود ڈاکٹروں کے مطابق متاثرہ افراد ہیٹ اسٹروک کے باعث بے ہوش ہوئے تھے۔ طبی امداد فراہم کرنے کے بعد 1122 ایمبولینس سروس کی مدد سے ان کا علاج جاری رکھا گیا، جس کے بعد ان کی حالت میں بہتری آنے لگی۔ دوسری جانب شہریوں اور دیہاتیوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ موجودہ شدید گرمی کی لہر کے دوران غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ کا خاتمہ کیا جائے، کیونکہ مسلسل بجلی کی بندش کے باعث بزرگ افراد، خواتین، بچے اور بیمار لوگ شدید مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں۔ شہریوں نے اپیل کی ہے کہ عوامی صحت کو مدنظر رکھتے ہوئے بجلی کی فراہمی یقینی بنائی جائے تاکہ مزید ہیٹ اسٹروک اور گرمی سے متعلق دیگر واقعات سے بچا جاسکے۔

## گمبٹ میں منشیات کا بڑھتا ہوا استعمال نوجوانوں کے لیے خطرہ

### معاشرے میں منشیات کے اثرات سے والدین اور طلبہ پریشان ہیں: میاں سلمان عاطف

خیرپور (نامہ نگار : مرید حسین ۹نوری)
احساس سوشل فورم کے چیئرمین ایڈووکیٹ میاں سلمان عاطف نے گمبٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ آج کے دور میں آئس، افیم، چرس، شراب، ہیروئن، بھنگ، کچا شراب، اسپیریٹ، نشہ آور گولیاں، والیئم 10، مختلف نشہ آور انجیکشنز اور دیگر کئی اقسام کی منشیات ہمارے معاشرے کے لیے ایک بڑا عذاب بن چکی ہیں۔ ان مہلک چیزوں نے نہ صرف نوجوان نسل کو تباہ کیا ہے، بلکہ اب بچے بھی ان کے اثرات سے محفوظ نہیں رہے۔ خاص طور پر گمبٹ سمیت سارے سندھ میں منشیات کا استعمال خطرناک حد تک بڑھ گیا ہے، جس کی وجہ سے نوجوانوں میں ذہنی بے چینی، تشدد اور غیر ذمہ دارانہ رویے میں اضافہ دیکھنے میں آرہا ہے۔ آج حالت یہ ہے کہ نہ ڈاکٹر محفوظ ہیں، نہ استاد، نہ ہی عام شہری۔ کئی والدین اپنے بچوں کے مستقبل کے بارے میں سخت پریشان ہیں۔ لوگ جب گھروں سے نکلتے ہیں تو انہیں یہ بھی یقین نہیں ہوتا کہ شام کو خیریت سے واپس لوٹیں گے یا نہیں۔ دوسری طرف اسکولوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں پڑھنے والی طالبات بھی ہراسانی، بلیک میلنگ اور ذہنی اذیت جیسے مسائل کا سامنا کر رہی ہیں۔ ایسے حالات کی وجہ سے کئی زندگیوں پر منفی اثر پڑ رہا ہے۔ معاشرے میں اخلاقی اقدار کی کمی، عیاشی، لالچ اور منشیات کے بڑھتے استعمال کی وجہ سے کئی مسائل جنم لے رہے ہیں۔ ضرورت اس بات کی ہے کہ والدین، اساتذہ، مذہبی رہنما، سماجی تنظیمیں اور قانون نافذ کرنے والے ادارے مل کر نوجوان نسل کو منشیات کی تباہ کاریوں سے بچانے کے لیے عملی اقدامات کریں۔ اگر آج بھی منشیات کے خلاف سخت اور مؤثر کارروائی نہ کی گئی تو آنے والی نسلوں کا مستقبل مزید خطرے میں پڑ سکتا ہے۔ وقت کا اہم تقاضا ہے کہ معاشرے کو منشیات اور بداخلاقی کے زوال سے بچانے کے لیے مشترکہ جدوجہد کی جائے۔

## سندھ کی سرزمین پر رواداری اور امن کی ضرورت ہے: ظہیر لاڑک

### ادیبوں کا کردار سندھ میں محبت اور قبولیت کا پیغام پھیلانا ہے

خیرپور (نامہ نگار : مرید حسین ۹نوری)
سندھی ادبی سنگت خیرپور کے رابطہ سیکریٹری ظہیر لاڑک نے گمبٹ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ: سندھ کی سرزمین صوفیوں اور درویشوں کی سرزمین ہے۔ اس دھرتی پر رواداری، امن اور محبت کے سلسلے صدیوں سے چلتے آرہے ہیں۔ آج جب ہمارے سندھ میں انتہاپسندی، عدم برداشت اور سماجی ٹوٹ پھوٹ کے رجحانات بڑھ رہے ہیں تو ہمیں رواداری کی سخت ضرورت محسوس ہو رہی ہے۔ ہماری سندھ دھرتی میں ہمیشہ دوسروں کے خیالات، احساسات، اقدار، ثقافتوں اور عقائد کا احترام دیکھا اور کیا گیا ہے۔ آج پھر ہمیں اسی طرف واپس لوٹنے کی شدید ضرورت ہے اور اس میں ادیبوں کا کردار بنیادی اور ضروری ہے۔ کیونکہ ادیب معاشرے کا رہنما اور ضمیر ہوتا ہے۔ وہ قلم کے ذریعے سوچوں کو بدلنے کی طاقت رکھتا ہے، جس کی آج ہماری دھرتی کو شدید ضرورت ہے۔ ادیب اس وقت میں انتہاپسندی کے بدلے اپنے قلم سے اپنی تحریروں میں محبت اور قبولیت کا پیغام پھیلا سکتے ہیں۔ شاہ لطیف، سچل سرمست کی رواداری کا پیغام سندھ کے نوجوانوں تک پہنچا سکتے ہیں۔ اور ادیب ان روایات کی بھی نشاندہی کر سکتے ہیں جن کے جھوٹے پرچار کی وجہ سے ہماری امن پسند دھرتی پر انتشار بڑھ رہا ہے۔ اب یہ وقت ہے کہ اپنے قلم کو نفرت کے مقابلے میں محبت کے لیے استعمال کیا جائے۔

## چوہدری محمد شہزاد فیصل آرائیں کا وفد چوہدری افتخار نذیر سے ملاقات

### علاقائی ترقی اور عوامی مسائل پر تبادلہ خیال کیا گیا

جہانیاں (نیوز رپورٹر) سیاسی و سماجی شخصیت چوہدری محمد شہزاد فیصل آرائیں کی قیادت میں ایک وفد نے ممبر قومی اسمبلی چوہدری افتخار نذیر سے ملاقات کی اور ان کی خیریت دریافت کی۔ ملاقات کے دوران علاقے کی مجموعی سیاسی و سماجی صورتحال، عوامی مسائل اور ترقیاتی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وفد کے اراکین نے چوہدری افتخار نذیر کی صحت و تندرستی کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کرتے ہوئے ان کی عوامی خدمات کو سراہا۔ اس موقع پر سینئر صحافی محمد الیاس جوئیہ، جاوید اختر مغل، محمد اقبال مغل، ملک محمد امین، چوہدری مشرف علی اور ڈاکٹر انتظار علی بھی موجود تھے۔ چوہدری محمد شہزاد فیصل آرائیں نے کہا کہ عوامی نمائندوں اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد کے درمیان رابطے اور مشاورت سے علاقے کے مسائل کے حل میں مدد ملتی ہے۔ جبکہ چوہدری افتخار نذیر نے وفد کی آمد پر شکریہ ادا کرتے ہوئے عوامی خدمت کے عزم کا اعادہ کیا۔ ملاقات خوشگوار ماحول میں منعقد ہوئی جس میں باہمی تعاون، علاقائی ترقی اور عوامی فلاح وبہبود کے حوالے سے مختلف امور پر گفتگو کی گئی۔

## بے روزگاری اور مہنگائی نے عوام کی زندگیوں کو متاثر کیا

### حکومت کو بے روزگاری اور مہنگائی کے حل کے لیے فوری اقدامات کرنا ہوں گے

بے روزگاری، مہنگائی اور معاشرتی دباؤ — ایک بڑھتا ہوا بحران آج کا پاکستان ایک ایسے دور سے گزر رہا ہے جہاں عام شہری کی زندگی روز بروز مشکل ہوتی جا رہی ہے۔ ایک طرف بے روزگاری میں اضافہ ہو رہا ہے تو دوسری طرف مہنگائی نے عوام کی قوتِ خرید کو بری طرح متاثر کیا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ نہ صرف وہ افراد پریشان ہیں جو روزگار کی تلاش میں ہیں بلکہ وہ لوگ بھی مشکلات کا شکار ہیں جو پہلے سے ملازمت یا کاروبار سے وابستہ ہیں۔ بے روزگاری آج ایک سنگین سماجی اور معاشی مسئلہ بن چکی ہے۔ ہر سال ہزاروں نوجوان تعلیمی اداروں سے فارغ التحصیل ہوتے ہیں مگر ان کے لیے مناسب مواقع نہ ہونے کے برابر ہیں۔ حکومتی سطح پر روزگار پیدا کرنے کے دعوے تو کیے جاتے ہیں مگر عملی صورتحال اس کے برعکس دکھائی دیتی ہے۔ صنعتی ترقی کی رفتار سست ہے، نئی سرمایہ کاری محدود ہے اور چھوٹے کاروباروں کو درپیش مسائل بڑھتے جا رہے ہیں۔ دوسری جانب مہنگائی نے عام آدمی کی زندگی کو مزید دشوار بنا دیا ہے۔ اشیائے خورد و نوش، بجلی، گیس اور پٹرول کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جس سے متوسط اور غریب طبقہ سب سے زیادہ متاثر ہو رہا ہے۔ گھر کا بجٹ برقرار رکھنا ایک مشکل کام بن چکا ہے اور بنیادی ضروریات پوری کرنا بھی ایک چیلنج بنتا جا رہا ہے۔ یہ صورتحال صرف بے روزگار افراد تک محدود نہیں رہی بلکہ ملازمت پیشہ طبقہ بھی اس کے اثرات سے محفوظ نہیں۔ تنخواہوں میں اضافہ مہنگائی کے مقابلے میں ناکافی ہے جس کی وجہ سے لوگوں کی حقیقی آمدنی کم ہو رہی ہے۔ ذہنی دباؤ، معاشی پریشانی اور غیر یقینی صورتحال معاشرے میں بڑھتی ہوئی بے چینی کو جنم دے رہی ہے۔ ضرورت اس امر کی ہے کہ حکومت سنجیدہ اور عملی اقدامات کرے۔ روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے کے لیے صنعتی پالیسیوں میں بہتری لائی جائے، چھوٹے اور درمیانے کاروباروں کو سہولیات دی جائیں اور نوجوانوں کے لیے ہنر مندی کے پروگرام شروع کیے جائیں۔ اسی طرح مہنگائی پر قابو پانے کے لیے مؤثر معاشی حکمت عملی اپنانا ناگزیر ہے۔ اگر بروقت اقدامات نہ کیے گئے تو یہ معاشی دباؤ مزید سنگین سماجی مسائل کو جنم دے سکتا ہے۔ ایک مستحکم معیشت ہی ایک خوشحال معاشرے کی ضمانت ہے، اور اس کے لیے عملی قدم اٹھانا وقت کی اہم ضرورت ہے۔

## ڈاکٹر محمد انس سعید کا BISP دفتر کا اچانک دورہ

### بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام میں عملے کی سستی پر سخت برہمی، ڈاکٹر محمد انس سعید

لالیاں (دانیال فضل سے) اسسٹنٹ کمشنر لالیاں ڈاکٹر محمد انس سعید نے بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام (BISP) کے مقامی دفتر کا اچانک دورہ کر کے عملے کی کارکردگی اور کاؤنٹرز کو چیک کیا۔ یہ چھاپہ مار کارروائی مقامی شہریوں کی جانب سے موصول ہونے والی ان مسلسل شکایات پر کی گئی جن میں کہا گیا تھا کہ BISP سینٹر کا عملہ شدید سستی کا مظاہرہ کر رہا ہے، مستحق خواتین گھنٹوں تپتی دھوپ اور قطاروں میں کھڑی رہنے پر مجبور ہیں، جبکہ ڈیوائسز کی خرابی کا بہانہ بنا کر کام روک دیا جاتا ہے اور سروے کے اندراج میں غیر ضروری تاخیر کی جا رہی ہے۔ عوامی شکایات کا فوری نوٹس لیتے ہوئے اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر محمد انس سعید اچانک BISP دفتر پہنچ گئے۔ انہوں نے موقع پر موجود خواتین سے ان کے مسائل براہِ راست سنے اور دفتر کے حاضری رجسٹر سمیت دیگر ریکارڈ کا معائنہ کیا۔ وزٹ کے دوران یہ انکشاف ہوا کہ کئی کاؤنٹرز پر عملہ سرے سے موجود ہی نہیں تھا اور خواتین شدید گرمی اور حبس کے عالم میں گھنٹوں سے انتظار کر رہی تھیں۔ اس سنگین صورتحال اور بدانتظامی پر اسسٹنٹ کمشنر نے موقع پر ہی سخت برہمی کا اظہار کیا۔ انہوں نے BISP انچارج کو فوری طور پر طلب کر کے تمام بند کاؤنٹرز کو بحال کرنے کا حکم دیا اور غیر حاضر سٹاف عملے کو آخری وارننگ دیتے ہوئے کہا کہ آئندہ کسی بھی قسم کی غفلت یا غیر حاضری کی صورت میں سخت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ ڈاکٹر محمد انس سعید نے انتظامیہ کو سخت ہدایات جاری کیں کہ بزرگ اور بیمار خواتین کو ترجیحی بنیادوں پر ڈیل کیا جائے اور انتظار گاہ میں پنکھوں اور پینے کے ٹھنڈے پانی کا فوری انتظام کیا جائے۔ میڈیا سے گفتگو اور ہدایات دیتے ہوئے ان کا کہنا تھا کہ "غریب اور مستحق خواتین کا وقت ضائع کرنا ایک جرم ہے۔ بینظیر انکم سپورٹ آفس سے مستحقین کے سروے کا اندراج انتہائی ضروری ہے، اور اس سلسلے میں عملے کو ہر ممکن تعاون کرنا ہوگا، کسی کو من مانی کی اجازت نہیں دی جائے گی۔" اسسٹنٹ کمشنر لالیاں نے تحصیلدار کو پابند کیا ہے کہ وہ روزانہ کی بنیاد پر خود BISP سینٹر کا دورہ کریں اور وہاں کی تفصیلی رپورٹ اسسٹنٹ کمشنر آفس میں پیش کریں۔ انہوں نے شہریوں سے بھی اپیل کی کہ اگر آئندہ بھی کوئی شکایت ہو، تو وہ براہِ راست ان کے دفتر یا آفیشل واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کر کے اپنی شکایت درج کروائیں۔

## رحیم یار خان میں یوفون بل بورڈز سے خطرناک حادثات پیش آئے

### بل بورڈز کے گرنے سے شہریوں کی جان و مال کو خطرہ، تحقیقات کا مطالبہ

رحیم یار خان (بیورو چیف) یوفون/پی ٹی سی ایل کے اشتہاری بل بورڈز شہریوں میں موت بانٹنے لگے دو گھروں پر بل بورڈ گر گیا، دیواریں اور چھتیں متاثر، عمارتوں کے ڈھانچے کو نقصان انتظامی غفلت، لاپرواہی اور مبینہ ملی بھگت پر سنگین سوالات بل بورڈ مافیا کے خلاف فوری کریک ڈاؤن اور ذمہ داران کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا مطالبہ تفصیل کے مطابق گزشتہ ہفتے شام آنے والی تیز آندھی کے دوران پی ٹی سی ایل ایجینسج صادق آباد کی حدود میں نصب یوفون کا ایک دیو ہیکل اشتہاری بل بورڈ اپنی بنیادوں سمیت اکھڑ کر جاوید کالونی کے دو رہائشی گھروں پر جا گرا، جس کے نتیجے میں گھروں کی دیواریں اور چھتیں متاثر ہوئیں جبکہ اندر نصب ایل سی ڈیز، سجاوٹی اشیاء اور دیگر قیمتی سامان گر کر گیا متاثرہ خاندانوں کے مطابق بل بورڈ گرنے کی زوردار دھماکہ خیز آواز سے پورا علاقہ لرز اٹھا حادثے کے باعث گھروں کے عمارتی ڈھانچے اور اسٹرکچر کو بھی نقصان پہنچا ہے خوش قسمتی سے کوئی جانی نقصان نہیں ہوا تاہم شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر اس وقت اہلِ خانہ متاثرہ حصوں میں موجود ہوتے تو ایک بڑا انسانی المیہ جنم لے سکتا تھا شہریوں نے الزام عائد کیا ہے کہ ناقص تعمیرات، کمزور بنیادوں، غیر معیاری میٹیریل کے استعمال اور حفاظتی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی کے باعث یہ خطرناک حادثہ پیش آیا عوامی حلقوں کے مطابق شہر میں نصب متعدد اشتہاری بل بورڈز اور ہورڈنگز شہریوں کی جان و مال کے لیے مستقل خطرہ بن چکے ہیں مگر متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں شہریوں نے سوال اٹھایا ہے کہ اگر یہ بل بورڈ محفوظ اور مقررہ معیار کے مطابق نصب کیا گیا تھا تو معمول کی آندھی میں زمین بوس کیسے ہو گیا؟ اس واقعے نے متعلقہ اداروں کی کارکردگی، نگرانی کے نظام اور ممکنہ ملی بھگت پر بھی سنگین سوالات کھڑے کر دیے ہیں متاثرین اور شہریوں نے کمشنر بہاولپور، ڈپٹی کمشنر رحیم یار خان، ڈی پی او اور خیم یار خان، اے ایس پی سرکل صادق آباد، اسسٹنٹ کمشنر صادق آباد اور بلدیہ صادق آباد سے مطالبہ کیا ہے کہ واقعے کی اعلیٰ سطحی تحقیقات کرائی جائیں ذمہ دار افراد کے خلاف فوری قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور شہر بھر میں نصب خطرناک بل بورڈز و ہورڈنگز کا ہنگامی سروے کر کے ممکنہ انسانی جانوں کو لاحق خطرات کا سدباب کیا جائے شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر اب بھی موثر کارروائی نہ کی گئی تو کسی بھی وقت کوئی بڑا سانحہ رونما ہو سکتا ہے، جس کی تمام تر ذمہ داری متعلقہ اداروں اور غفلت کے مرتکب عناصر پر عائد ہو گی

## بھکر پولیس نے ہنی ٹریپ میں اغوا شدہ مغوی کو بازیاب کیا

### اغوا کار گینگ کے تین کارندے بھکر پولیس نے گرفتار کر لیے



بھکر پولیس کی شاندار کارروائی، ہنی ٹریپ کے ذریعے اغوا ہونے والا مغوی بحفاظت بازیاب، اغوا کار گینگ کے 03 کارندے گرفتار رانا محمد حنیف ڈپٹی بیورو چیف روز نامہ نوید پاکستان ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بھکر شہزاد رفیق اعوان کے احکامات پر جرائم پیشہ عناصر کے خلاف جاری مؤثر کارروائیوں کے سلسلے میں تھانہ کلورکوٹ پولیس نے ایک اہم کامیابی حاصل کرتے ہوئے ہنی ٹریپ کے ذریعے اغوا ہونے والے مغوی محمد عابد کو بخفاظت بازیاب کرا لیا جبکہ اغوا کار گینگ کے تین اہم کارندوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایچ او تھانہ کلورکوٹ انسپکٹر حسین مہدی عمران کی قیادت میں سب انسپکٹر فرحان اعجاز خان اور پولیس ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی، پیشہ ورانہ مہارت، مؤثر حکمت عملی اور شب و روز محنت کو بروئے کار لاتے ہوئے ہنی ٹریپ کے ذریعے اغوا کیے گئے شہری عابد کا سراغ لگایا۔ پولیس نے بروقت کارروائی کرتے ہوئے مغوی کو بحفاظت بازیاب کرا لیا اور اغوا میں ملوث گینگ کے تین کارندوں کو گرفتار کر لیا۔ گینگ ملوث ملزمان میں عقیل، شکیلہ اور ملائکہ شامل ہیں۔ گرفتار ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جا رہی ہے جبکہ مقدمہ کی تفتیش میرٹ پر جاری ہے۔ بھکر پولیس اس عزم کا اعادہ کرتی ہے کہ شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کو ہر صورت یقینی بنایا جائے گا اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف بلا امتیاز کارروائیاں جاری رہیں گی۔ عوامی تعاون اور جدید پولیسنگ کے ذریعے معاشرے کو جرائم سے پاک بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

## جڑانوالہ میں معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ، ایک نوجوان جاں بحق

### سرکاری کھالے پر جھگڑے کے دوران فائرنگ، 22 سالہ نوجوان ہلاک

(رانا اشفاق جوئیہ تحصیل رپورٹر جڑانوالہ)
جڑانوالہ /// فائرنگ جڑانوالہ۔۔ تھانہ صدر کی حدود 65 گ ب میں ہمسائے سے معمولی تلخ کلامی پر فائرنگ، 1 نوجوان جاں بحق جڑانوالہ۔۔ سرکاری کھالے پر لکڑی کا پلر رکھنے کے معاملے پر جھگڑا ہوا، جس دوران نامعلوم افراد نے فائرنگ کر دی جڑانوالہ۔۔ فائرنگ کے نتیجے میں 22 سالہ محمد اکرام ولد محمد رمضان شدید زخمی ہو گیا اور موقع پر ہی دم توڑ گیا جڑانوالہ۔۔ اطلاع ملتے ہی ریسکیو 1122 کی امدادی ٹیم موقع پر پہنچ گئی اور ضروری کارروائی شروع کر دی جڑانوالہ۔۔۔ جاں بحق نوجوان کی میت قانونی کارروائی کے لیے تحصیل ہیڈ کوارٹر ہسپتال جڑانوالہ منتقل کر دی



"جب یقین نوٹ بناتا ہے"
ایاز اسلم بھیلا
شہر خموشاں
سردار احمد قیسم گڑانی

## پہلا غازی خاں میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کامیابی سے اختتام پذیر

### الغازی فٹبال کلب 23 ون اے ایل نے ٹائٹل جیت لیا

شیر گڑھ (تحصیل رپورٹر عمران سیال)
تفصیلات کے مطابق پہلا غازی خاں میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کامیابی کے ساتھ اختتام پذیر ہو گیا ٹورنامنٹ میں علاقے بھر کی متعدد ٹیموں نے شرکت کی اور شائقینِ فٹبال کو بہترین مقابلے دیکھنے کو ملے۔ فائنل میچ وقار فٹبال کلب 13 ون ایل اور الغازی فٹبال کلب 23 ون اے ایل کے درمیان کھیلا گیا جس میں الغازی فٹبال کلب 23 ون اے ایل نے شاندار کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے ٹائٹل اپنے نام کر لیا ٹورنامنٹ کی فاتح ٹیم کو 40 ہزار روپے نقد انعام اور ٹرافی جبکہ رنر اپ ٹیم کو 20 ہزار روپے نقد انعام اور ٹرافی دی گئی کھلاڑیوں نے پورے ٹورنامنٹ کے دوران عمدہ کھیل پیش کیا اور جیت کے لیے بھرپور جذبے کا مظاہرہ کیا شائقین نے بھی کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کرتے ہوئے انہیں بھرپور داد دی ٹورنامنٹ کے مختلف مراحل میں علاقے کی سیاسی سماجی اور کاروباری شخصیات نے بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی اور نوجوان کھلاڑیوں کی حوصلہ افزائی کی فائنل میچ میں سیاسی و سماجی حلقوں کی معروف شخصیات شیر گڑھ الیکٹرانک و پرنٹ میڈیا ٹیم کے سینئر نائب صدر رائے اللہ نواز کھرل (اونر رائے ٹریڈرز) سردار باقر خاں نمبردار عامر حسن ایڈووکیٹ۔ مظہر خاں بلوچ علی حسن بلوچ جاوید خاں بلوچ شاہد اسلم زاہد بلوچ نے خصوصی شرکت کی میچ دیکھنے کے لیے علاقے بھر سے فٹبال کے شائقین کے علاوہ زندگی کے مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے افراد کی بڑی تعداد موجود تھی مہمانوں، شائقین اور کھلاڑیوں نے ٹورنامنٹ انتظامیہ کمیٹی غلام اسحاق شیواز۔ A D بلوچ، حسنین کاظم، ماسٹر نثار۔ وحید اسلم، جواد علی، محمد اکمل، ملک صغیر ریحان اصغر، عبدالرحمان کے بہترین انتظامات کو سراہتے ہوئے اسے کامیاب ایونٹ قرار دیا اس موقع پر مہمانانِ خصوصی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا کہ علاقائی سطح پر ایسے کھیلوں کے مقابلوں کا انعقاد وقت کی اہم ضرورت ہے کھیل نوجوانوں کو مثبت سرگرمیوں کی طرف راغب کرتے ہیں اور انہیں بے راہ روی سے بچانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں انہی میدانوں سے باصلاحیت کھلاڑی ابھر کر سامنے آتے ہیں جو بعد ازاں ملک و قوم کا نام روشن کرتے ہیں مرحوم غازی خاں کے صاحبزادے سہیل غازی بلوچ نے اپنے خطاب میں کہا کہ زندہ قومیں ہمیشہ اپنے بزرگوں کی خدمات کو یاد رکھتی ہیں انہوں نے کہا کہ ان کے والد مرحوم غازی خاں کا تعلق ایک متوسط گھرانے سے تھا لیکن انہوں نے اپنی ذہانت دیانت داری، ڈیرہ داری اور پنچایتی روایات کے ذریعے نہ صرف علاقے بلکہ کئی اضلاع میں عزت اور احترام حاصل کیا آج بھی ان کے فیصلوں اور خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے انہوں نے اعلان کیا کہ آئندہ بھی ہر سال غازی خاں میموریل فٹبال ٹورنامنٹ کا انعقاد کیا جائے گا انہوں نے ٹورنامنٹ میں شرکت کرنے والی ٹیموں، مہمانوں، شائقین اور تمام مکاتبِ فکر سے تعلق رکھنے والے افراد کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ ان کی شرکت ان کے لیے باعثِ فخر اور حوصلہ افزائی ہے

## پنڈی بھٹیاں میں ڈرگ انسپکٹر نے میڈیکل سٹوروں پر کارروائیاں شروع کیں

### محمد اسامہ آصف نے میڈیکل سٹوروں کے خلاف سخت اقدامات کا اعلان کیا

پنڈی بھٹیاں (تحصیل رپورٹر) پنڈی بھٹیاں میں تعینات ڈرگ انسپکٹر محمد اسامہ آصف میڈیکل سٹوروں کی بھرپور طریقے سے بیخ کنی کر رہے ہیں انھوں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ہر گز برداشت نہیں کریں گے کیونکہ میڈیکل سٹور مالکان سٹور کی اڈ میں پریکٹس کرنے کے مجاز نہیں ہیں ان کے خلاف گھیرا تنگ کیا جارہا ہے وزیر اعلیٰ پنجاب میڈم مریم نواز شریف صاحبہ کے ویژن اور سی او ہیلتھ حافظ آباد کی واضح احکامات کی تعمیل میں ٹھوس اقدامات کر رہے ہیں

## عارف والا میں فائرنگ سے 22 سالہ جنید خالد جاں بحق

### پولیس نے واقعہ کی تحقیقات شروع کر دیں، سابقہ رنجش ممکنہ وجہ

عارف والا/(حاجی ارشد جاوید) عارف والا کے علاقے چوک مرلے ریسٹ ہاؤس کے قریب فائرنگ کا افسوسناک واقعہ پیش آیا ہے۔ ریسٹ ہاؤس کے قریب اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں 22 سالہ جنید خالد موقع پر ہی جاں بحق ہو گیا۔ پولیس کی فوری کارروائی واقعہ کی اطلاع ملتے ہی تھانہ قبولہ پولیس کی بھاری نفری موقع پر پہنچ کر لاش کو اپنی تحویل میں لے لیا اور قانونی کارروائی کا آغاز کر دیا ہے۔ پولیس کے ابتدائی بیان کے مطابق قتل کا یہ واقعہ سابقہ رنجش کا معلوم ہوتا ہے۔ نوجوان کی موت پر اسرار قتل ہے یا خودکشی، تمام پہلوؤں سے تفتیش جاری ہے۔ پولیس

## کامونکے میں لڑائی جھگڑوں میں خواتین سمیت کئی افراد زخمی

### نواحی گاؤں حیاتیاں میں بدترین تشدد کے واقعات پیش آئے

کامونکے (تحصیل رپورٹر پیر فضل احمد نقشبندی سے) لڑائی جھگڑے کے واقعات میں خواتین سمیت متعدد افراد کو زبردست تشدد کا نشانہ بنایا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز نواحی گاؤں حیاتیاں کے محمد حسین، احتشام اور نوازنے سابقہ رنجش پر گھر میں گھس کر محمد عارف اُسکی اہلیہ مقدس، ساس اور بیٹے کو بدترین تشدد کا نشانہ بنایا۔ جبکہ گھریلو ناچاقی پر آگ کے عادی گلزار نے اہلیہ رضیہ اور بچوں کو تشدد کر کے شدید زخمی کر دیا۔ پولیس نے مقدمات درج کر لیے ہیں۔۔۔

## وزیر آباد میں مضر صحت دودھ دہی کی فروخت میں اضافہ

### شہریوں نے ملاوٹ مافیا کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ کیا

وزیر آباد (نامہ نگار) دودھ اور دہی کے نام پر مضر صحت لیکوئیڈ فروخت ہونے لگا، شہریوں کی صحت خطرے میں۔ وزیر آباد شہر اور گردونواح میں مضر صحت اور ملاوٹ شدہ لیکوئیڈ دودھ دہی کی فروخت کا دھندا عروج پر پہنچ گیا ہے جس کے باعث شہریوں بالخصوص بچوں اور بزرگوں کی صحت کو سنگین خطرات لاحق ہو گئے ہیں۔ شہری حلقوں نے متعلقہ اداروں سے فوری کارروائی کا مطالبہ کیا ہے۔ ذرائع کے مطابق دیہی علاقوں سے آنے والے بعض گوالے اپنے ڈیروں پر دودھ میں گندا پانی، مصنوعی کیمیکلز اور دیگر مضر صحت اجزاء شامل کر کے اسے خالص دودھ کے نام پر فروخت کر رہے ہیں۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ دودھ کی مقدار بڑھانے اور ظاہری معیار بہتر دکھانے کے لیے مختلف کیمیکل استعمال کیے جاتے ہیں جو انسانی صحت کے لیے انتہائی نقصان دہ اشیائے خورونوش کی فراہمی یقینی بنائی جائے۔ اطلاعات کے مطابق یہی ملاوٹ شدہ دودھ شہر میں مختلف مقامات پر مزید کیمیکلز کی آمیزش کے بعد دہی تیار کرنے میں استعمال کیا جاتا ہے۔ طبی ماہرین کے مطابق ایسے دودھ اور دہی کے مسلسل استعمال سے معدے، جگر، گردوں اور آنتوں کی متعدد بیماریوں کا خطرہ بڑھ جاتا ہے جبکہ بچوں کی جسمانی نشوونما بھی متاثر ہو سکتی ہے۔ شہریوں نے شکایت کی ہے کہ فوڈ سیفٹی اور دیگر متعلقہ اداروں کی جانب سے موثر چیکنگ نہ ہونے کے باعث ملاوٹ مافیا بلا خوف و خطر اپنا کاروبار جاری رکھے ہوئے ہے۔ عوامی و سماجی حلقوں نے مطالبہ کیا ہے کہ دودھ سپلائی کرنے والے مراکز، ڈیری فارموں اور دہی تیار کرنے والے یونٹس کی اچانک انسپکشن کی جائے اور ملاوٹ میں ملوث عناصر کے خلاف سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے تاکہ شہریوں کو خالص اور معیاری خوراک کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔

## سلانوالی میں پھلوں کو کیمیکل سے پکانے کا انکشاف

### شہریوں نے کیمیکل سے رنگے پھلوں کی جانچ کا مطالبہ کیا

سلانوالی (بیورو چیف) تربوز سمیت پھلوں کو کیمیکل کے ذریعے پکائے جانے کا انکشاف۔ بعض دکاندار کچے تربوزوں کو سرخ رنگ اور دیگر کیمیائی مادوں کے استعمال سے ظاہری طور پر پکا اور خوش رنگ بنا کر فروخت کر رہے ہیں۔ تفصیلات کے مطابق سلانوالی کے مختلف علاقوں میں پھل فروش مراکز بعض دکاندار کچے تربوزوں اور دیگر موسمی پھلوں کو سرخ رنگ اور دیگر کیمیائی مادوں کے استعمال سے ظاہری طور پر پکا اور خوش رنگ بنا کر فروخت کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار سیاسی و سماجی شخصیت مہر سردار احمد سپراء نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے میڈیا کو بتایا کہ بظاہر تازہ اور پکے نظر آنے والے یہ پھل در حقیقت صحت کے لیے انتہائی نقصان دہ ثابت ہو سکتے ہیں۔ انہوں نے تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ مصنوعی رنگوں اور کیمیکلز سے تیار کیے گئے پھل انسانی صحت کے لیے خطرناک ہیں انہوں نے والدین کو خبردار کیا کہ وہ خود بھی ایسے پھلوں کے استعمال سے گریز کریں اپنے بچوں کو بھی ان کے استعمال سے دور رہیں ان کا کہنا تھا کہ الودہ اور کیمیائی مادوں سے رنگے گئے پھل معدے اور آنتوں کی بیماریوں، ہیضہ، اسہال، فوڈ پوائزننگ اور دیگر وبائی امراض کا سبب بن سکتے ہیں طبی ماہر نے شہریوں کو مشورہ دیا کہ پھل خریدتے وقت غیر معمولی چمک، غیر فطری رنگت اور مشکوک معیار والے پھلوں سے احتیاط برتیں اور صرف مستند دکاندا

**چنڈ ایڈیٹر ڈاٹا شٹل فیصر**

**ایڈیٹر اکرم علی بھٹی**

**ڈپٹی ایڈیٹر ڈاٹا تیز فیصر**

**ڈپٹی ایڈیٹر ذاتی گرام**

**کوارڈینیٹر ایڈیٹر شاہد سرول**

**اسسٹنٹ ایڈیٹر میاں افتخار**

**نیوز ایڈیٹر شیر ڈاٹا فیصر حسین**

**ڈپٹی ایڈیٹر ڈیٹا تیز حسین**

**چیرل ہیڈ کوارڈ ناز**

بیورو ڈاٹا شل نیٹ ورک ہیڈ کوارٹر میں

ٹے شیئر کریں یا میل کریں

03099994509 - 04235787766

supportانہ@naveedepakistan.news

---

کے لیے پاکستان بھر کے قحط زدہ علاقوں کے لیے امداد کر رہے ہیں۔ ہیڈ کوارٹر میں قائم کنٹرول روم کا اعلان کرتے ہوئے کہا گیا کہ ہر ٹرک پر نمایاں جگہ پر ادارے کا نام اور ہیلپ لائن درج ہوگی تاکہ عوام جعلی نمائندوں سے محتاط رہیں۔ ادارے کے مطابق امداد صرف رجسٹرڈ متاثرہ خاندانوں تک پہنچائی جائے گی۔

**ایڈیٹر اکرم علی بھٹی**

**ڈپٹی ایڈیٹر ڈاٹا تیز فیصر**

**ڈپٹی ایڈیٹر ذاتی گرام**

**کوارڈینیٹر ایڈیٹر شاہد سرول**

**اسسٹنٹ ایڈیٹر میاں افتخار**

**نیوز ایڈیٹر شیر ڈاٹا فیصر حسین**

**ڈپٹی ایڈیٹر ڈیٹا تیز حسین**

**چیرل ہیڈ کوارڈ ناز**

بیورو ڈاٹا شل نیٹ ورک ہیڈ کوارٹر میں

ٹے شیئر کریں یا میل کریں

03099994509 - 04235787766

supportانہ@naveedepakistan.news

---

**ایڈیٹر اکرم علی بھٹی**

**ڈپٹی ایڈیٹر ڈاٹا تیز فیصر**

**ڈپٹی ایڈیٹر ذاتی گرام**

**کوارڈینیٹر ایڈیٹر شاہد سرول**

**اسسٹنٹ ایڈیٹر میاں افتخار**

**نیوز ایڈیٹر شیر ڈاٹا فیصر حسین**

**ڈپٹی ایڈیٹر ڈیٹا تیز حسین**

**چیرل ہیڈ کوارڈ ناز**

بیورو ڈاٹا شل نیٹ ورک ہیڈ کوارٹر میں

ٹے شیئر کریں یا میل کریں

03099994509 - 04235787766

supportانہ@naveedepakistan.news

## ملتان پریس کلب کے باہر صحافیوں کے حقوق کے تحفظ کا مظاہرہ

### میاں زاہد اویسی پر حملے کی مذمت، فوری کارروائی کا مطالبہ

ملتان ،(اعجاز حسین آسی کرائم رپورٹر نوید پاکستان) ملتان یونین آف جرنلسٹس (ایم یو جے) کے زیر اہتمام بہاولپور میں روزنامہ خبریں کے کرائم رپورٹر میاں زاہد اویسی پر قاتلانہ حملے اور موسیٰ خیل میں فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے صحافی لالا اسرافیل کے قتل کے خلاف ملتان پریس کلب کے باہر احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ مظاہرے کی قیادت ملتان یونین آف جرنلسٹس کے صدر احتشام الحق مرزا نے کی۔اس موقع پر ملتان پریس کلب کے جنرل سیکرٹری مظہر خان، فنانس سیکرٹری عبدالروف مان، سجاد بخاری، سابق صدر ملتان پریس کلب اشفاق احمد، سابق جنرل سیکرٹری مرزا ندیم، سینئر نائب صدر خالد چوہدری، ناصر زیدی، وسیم خان بابر، عمران خان، فرید ملک، طارق انصاری، اعظم ملک، شہزاد خان درانی، بابر چوہدری، ادریس چانڈیو، محبوب ملک، چوہدری عبدالوسیم، صفدر بخاری، حیدر عباس، یاسر بھٹی، شاہد سٹھو، خلیل الرحمٰن علوی، سمیت صحافیوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ مظاہرین نے صحافیوں پر بڑھتے ہوئے حملوں، تشدد اور قتل کے واقعات کے خلاف شدید نعرے بازی کی اور ذمہ دار عناصر کے خلاف فوری کارروائی کا مطالبہ کیا۔ مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ملک بھر میں صحافی عدم تحفظ کا شکار ہیں۔ بہاولپور میں میاں زاہد اویسی پر قاتلانہ حملہ اور موسیٰ خیل میں صحافی لالا اسرافیل کا قتل آزادی صحافت پر حملہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ انہوں نے کہا کہ صحافی عوام تک حقائق پہنچانے کے لیے اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر فرائض انجام دیتے ہیں، لیکن افسوس کہ انہیں مناسب تحفظ فراہم نہیں کیا جارہا۔ مقررین نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا کہ صحافیوں کے جان و مال کے تحفظ کو یقینی بنایا جائے، میاں زاہد اویسی پر قاتلانہ حملے اور لالا اسرافیل کے قتل میں ملوث عناصر کو فوری گرفتار کر کے قرار واقعی سزا دی جائے اور ملک بھر میں صحافیوں کے تحفظ کے لیے مؤثر اور عملی اقدامات کیے جائیں۔ مظاہرین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ صحافیوں کے حقوق، تحفظ اور آزادی صحافت کے لیے جدوجہد جاری رکھی جائے گی اور کسی بھی قسم کے دباؤ یا تشدد کے سامنے سر نہیں جھکایا جائے گا۔

## بہاولنگر میں جیولری شاپ پر دھاوا، شہری پر تشدد

### تھانہ اے ڈویژن کے ایس ایچ او عدیل گل کی غفلت پر سوالات

منچن آباد (بیورو چیف) تھانہ اے ڈویژن بہاولنگر کی حدود میں صرافہ بازار کے چند بااثر افراد نے معمولی تلخ کلامی کے بعد ایک جیولری شاپ پر دھاوا بول دیا۔ ملزمان نے نہ صرف دکان میں داخل ہو کر توڑ پھوڑ کی بلکہ ایک شریف شہری کو تشدد کا نشانہ بھی بنایا، جس سے واضح طور پر فوجداری دفعات کا ارتکاب ہوا۔ افسوس یہ ہے کہ واقعہ کو چار دن گزر جانے کے باوجود تھانہ اے ڈویژن کے ایس ایچ او عدیل گل کی جانب سے نہ تو کوئی مؤثر قانونی کارروائی عمل میں لائی گئی ہے اور نہ ہی مقدمہ درج کیا گیا ہے۔ مزید برآں، موقع پر تفتیش کے دوران قریبی دکانوں سے سی سی ٹی وی فوٹیج حاصل نہ کرنا بھی تفتیشی غفلت اور جانبداری کا شائبہ ظاہر کرتا ہے۔ یہ رویہ نہ صرف انصاف کی راہ میں رکاوٹ ہے بلکہ ملزمان کو مہمیز طور پر تحفظ فراہم کرنے کے بھی مترادف ہے۔ صحافتی تنظیموں کی ڈی پی او بہاولنگر سے اپیل ہے کہ فوری طور پر واقعہ کا مقدمہ درج کیا جائے، ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور تفتیش میں غفلت برتنے پر ایس ایچ او تھانہ اے ڈویژن عدیل گل کے خلاف تکملکانہ کارروائی کرتے ہوئے انہیں فوری طور پر معطل کیا جائے جبکہ سی سی ٹی وی فوٹیج فوری طور پر حاصل کر کے تفتیش کا حصہ بنایا جائے اگر بروقت قانونی کارروائی نہ کی گئی تو منچن آباد اور بہاولنگر کی صحافتی تنظیمیں احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہیں، جس کی ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہو گی۔

## قصور میں منشیات کی بڑی کھیپ پکڑنے کا انکشاف

### تھانہ صدر پولیس کا گاؤں ٹبگری میں سرچ آپریشن جاری

قصور سے ( نمائندہ طالب حسین روزنامہ نوید پاکستان ممبر پنجاب میڈیا ایسوسیشن لاہور ) تھانہ صدر کی حدود میں منشیات کی بڑی کھیپ پکڑے جانے کا انکشاف، پولیس کا سرچ آپریشن جاری مقام: گاؤں ٹبگری، قصور (تھانہ صدر کی حدود) تازہ ترین صورتحال: پولیس کا گزشتہ ایک گھنٹے سے علاقے کے بدنام زمانہ منشیات فروشوں کے گھروں میں بڑے پیمانے پر سرچ آپریشن جاری ہے۔ اہم ترین انکشافات (ذرائع کے مطابق): ⚠️ پولیس اور منشیات فروشوں میں مبینہ ساز باز کا خدشہ: ذرائع نے سنسنی خیز دعویٰ کیا ہے کہ تھانہ صدر پولیس مبینہ طور پر ان منشیات فروشوں کے ساتھ پہلے ہی رابطے میں ہے۔ 💰 سودے بازی کی کوشش: خدشہ ظاہر کیا جارہا ہے کہ آج پکڑی جانے والی بھاری منشیات، پاؤڈر اور آئس کی کھیپ کو مبینہ طور پر دبانے میں لانے یا سودے بازی کے لیے پولیس اپنی تمام ترصلاحیتیں بروئے کار لا رہی ہے۔ اہلیانِ علاقہ کا مطالبہ: گاؤں ٹبگری کے عوام کی دہائی: مقامی لوگوں نے شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے آئی جی پنجاب، آر پی او اور ڈی پی او قصور سمیت دیگر افسرانِ بالا سے فی الفور نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے تاکہ منشیات کی یہ بڑی کھیپ غائب نہ کی جاسکے۔

## جمعیت علماء پاکستان کے ڈاکٹر پروفیسر جاوید اعوان کی برسی پر اجتماع

### علامہ قاری محمد زوار بہادر نے مرحوم کی خدمات کا ذکر کیا

لاہور سے ڈپٹی ایڈیٹر روزنامہ نوید پاکستان ڈاکٹر محمد الیاس آرائیں کی اس رپورٹ میں جمعیت علماء پاکستان کے عظیم الشان تعزیتی اجتماع سے علامہ قاری محمد زوار بہادر کا خطاب جمعیت علماء پاکستان کے سینئر نائب صدر ڈاکٹر پروفیسر جاوید اعوان کی پہلی برسی کے موقع پر جامع مسجد چھاناماناگا میں ایک پُروقار تعزیتی و دعائیہ اجتماع منعقد ہوا، جس سے جمعیت علماء پاکستان کے چیئرمین علامہ قاری محمد زوار بہادر نے خطاب کرتے ہوئے مرحوم کی دینی، ملی اور تنظیمی خدمات کو زبردست خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اس موقع پر جے یو پی پنجاب کے صدر حافظ نصیر احمد نورانی، رشید احمد رضوی، مولانا ارشاد احمد، مولانا مرتضیٰ نورانی، پروفیسر اکرم جاوید، مشتاق نورانی، اسد اللہ حیدر صدر نیشنل کونسل برائے ہومیوپیتی راو غلام مرتضیٰ میر این سی ایچ ڈاکٹر باسط ڈاکٹر امین اور جانبداری کا شائبہ ظاہر کرتا ہے۔ یہ رویہ نہ صرف انصاف کی راہ میں رکاوٹ ہے بلکہ ملزمان کو مہمیز طور پر تحفظ فراہم کرنے کے بھی مترادف ہے۔ صحافتی تنظیموں کی ڈی پی او بہاولنگر سے اپیل ہے کہ فوری طور پر واقعہ کا مقدمہ درج کیا جائے، ملزمان کے خلاف قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے اور تفتیش میں غفلت برتنے پر ایس ایچ او تھانہ اے ڈویژن عدیل گل کے خلاف تکملکانہ کارروائی کرتے ہوئے انہیں فوری طور پر معطل کیا جائے جبکہ سی سی ٹی وی فوٹیج فوری طور پر حاصل کر کے تفتیش کا حصہ بنایا جائے اگر بروقت قانونی کارروائی نہ کی گئی تو منچن آباد اور بہاولنگر کی صحافتی تنظیمیں احتجاج کا حق محفوظ رکھتی ہیں، جس کی ذمہ داری متعلقہ حکام پر عائد ہو گی۔

## ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی نفرت انگیز مواد مانیٹرنگ کا حکم

### پولیس سوشل میڈیا پر نفرت پھیلانے والوں کے خلاف سخت کارروائی کرے گی

میدان نہیں بلکہ اخوت کا پل بنائیں!

شیخوپورہ (شیخ محمد شفیق سلطانی بیورو چیف سے ) ڈی پی او شیخوپورہ بلال ظفر شیخ کی جانب سے سوشل میڈیا پر نفرت انگیز مواد کی کڑی مانیٹرنگ کا حکم۔ قومی یکجہتی اور امن و اتحاد پر کوئی سمجھوتہ نہیں کیا جائے گا۔ پولیس ہر قسم کے آن لائن مواد کی مسلسل نگرانی کر رہی ہے۔ تعصب اور نفرت پھیلانے والے عناصر کے خلاف فوری اور سخت قانونی کارروائی عمل میں لائی جائے گی امن وامان کا قیام: جلوس و مجالس کے لیے شیخوپورہ پولیس مکمل طور پر متحرک ہے اور سیکیورٹی کی فراہمی ہماری اولین ترجیح ہے سوشل میڈیا کو نفرت کا

## نوجوان صحافی رائے تجمل مارتھ کا الیکشن لڑنے کا اعلان

### یونین کونسل نمبر 23 میں رائے تجمل مارتھ کی سیاسی میدان میں آمد

تاندلیانوالہ (رائے ظہور احمد پروکہ) نوجوان صحافی رائے تجمل مارتھ کی یونین کونسل نمبر 23 سے جنرل کونسلر کا الیکشن لڑنے کا بڑا اعلان سیاست کے میدان میں نوجوان قیادت کا انقلابی قدم رائے تجمل مارتھ کا الیکشن لڑنے کا فیصلہ تفصیلات کے مطابق عوامی خدمت اور حق وسچ کی آواز کو ایوانوں تک پہنچانے کے لیے نوجوانوں کا آگے آنا وقت کی اہم ترین ضرورت بن چکا ہے۔ اسی عزم کے ساتھ، ماموکانجن چک 508 کے معروف و باصلاحیت نوجوان صحافی اور ایڈیشنل جنرل سیکرٹری سٹی پریس کلب ماموکانجن رائے تجمل مارتھ نے باقاعدہ طور پر سیاست کے میدان میں اترنے کا فیصلہ کر لیا ہے۔ انہوں نے یونین کونسل نمبر 23 سے جنرل کونسلر کا الیکشن لڑنے کا دھماکے دار اعلان کر کے علاقے کی سیاست میں ایک نئی روح پھونک دی ہے۔ رائے تجمل مارتھ نے صحافت کے ذریعے ہمیشہ عوامی مسائل کو اجاگر کیا ہے، اور اب وہ عملی سیاست کے ذریعے ان مسائل کو حل کرنے کے لیے پرعزم ہیں۔ مظلوم کی آواز صحافت کی طرح سیاست میں بھی بغیر کسی تفریق کے غریب اور پسماندہ طبقے کی نمائندگی کرنا۔ علاقائی ترقی یونین کونسل نمبر 23 میں بنیادی سہولیات (تعلیم، صحت، اور صفائی) کی فراہمی کو یقینی بنانا۔ نوجوانوں کو روزگار اور حقوق: نوجوان نسل کے لیے کھیل، تعلیم اور روزگار کے بہتر مواقع پیدا کرنا۔ شفافیت اور دیانتداری: روایتی اور کرپٹ سیاسی نظام کا خاتمہ کر کے فنڈز کا درست اور عوامی فلاح کے لیے استعمال۔ عوامی ردِ عمل اور حمایت "اب وقت آگیا ہے کہ نوجوان طبقہ ڈرائنگ روم کی سیاست سے نکل کر عملی میدان میں آئے اور اپنے علاقے کی تقدیر خود بدلے رائے تجمل مارتھ کی صورت میں یونین کونسل 23 کو ایک مخلص، تعلیم یافتہ اور جرات مند لیڈر مل گیا ہے۔" — اہلیانِ علاقہ رائے تجمل مارتھ کے اس فیصلے کا ماموکانجن کی عوام، نوجوانوں، اور صحافتی برادری کی جانب سے بھرپور خیر مقدم کیا جارہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ ایک نڈر صحافی کا کونسلر بننا علاقے میں حقیقی تبدیلی کا پیش خیمہ ثابت ہوگا۔

## پاکستان تحریک انصاف بلدیاتی انتخابات میں بھاری کامیابی حاصل کرے گی: عمر فاروق ڈار

### عمر فاروق ڈار کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی عوام کا بہترین انتخاب ہے



عمر فاروق ڈار

سیالکوٹ (ڈپٹی بیورو چیف سہیل چوہدری) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمر فاروق ڈار نے کہا ہے کہ آنے والے بلدیاتی انتخابات میں پاکستان تحریک انصاف کے امیدواران بھاری اکثریت سے کامیاب ہونگے۔ بلدیاتی انتخابات میں جعلی فارم 47 اور 804 کا مقابلہ ہوگا۔اس سلسلہ میں تیاریاں شروع کردی ہیں۔ امیدواران اپنے اپنے حلقہ میں انتخابی مہم شروع کردی ہے۔ بلدیاتی انتخابات میں پوری قوت کے ساتھ میدان میں اتریں گے، تحریک انصاف ملک کی مقبول ترین جماعت ہے عوام کے پاس پی ٹی آئی کے سوا کوئی بہتر آپشن نہیں ہے۔ پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما عمر فاروق ڈار نے آنے والے بلدیاتی انتخابات کے حوالے سے سوشل میڈیا پر گفتگو کرتے ہوئے کہا۔ اس موقع پر پاکستان تحریک انصاف کے سٹی صدر میاں اعجاز جاوید، میاں روف منیر دیگر عہدیداران اور کارکنان بھی موجود تھے۔ عمر ڈار نے کہا کہ بلدیاتی انتخابات کے لیے پارٹی کے تنظیمی ڈھانچے کو منظم کیا جائے، ہمارے کارکنان پارٹی کا قیمتی اثاثہ ہیں۔ بانی پاکستان قائد اعظم محمد علی جناح کے بعد عمران خان وہ واحد لیڈر ہیں جنہوں نے ملک پر مسلط کرپٹ اور بدعنوان ٹولے کیخلاف علم بغاوت بلند کیا ہے۔ ہم ان بھائیوں، بہنوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں جنہوں نے پارٹی کی جدوجہد کی پاداش میں اپنے قائد کے ہمراہ جیلوں میں قید کاٹی ان کی قربانیوں کو کبھی فراموش نہیں کیا جائیگا۔ سٹی صدر میاں اعجاز جاوید، ٹکٹ ہولڈر مہر محمد کاشف نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف چاہتی ہے کہ ملک کو آئین و قانون کے تحت جمہوری انداز سے چلایا جائے تاکہ ملکی مسائل کا حل ممکن ہو سکے مگر حکمران اپنے جعلی اقتدار کو دوام دینے کیلئے جمہوری اقدام کو روندھ رہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔

## ملک یاسر کی ریحان علی کی ولیمہ تقریب میں شرکت

### نیشنل پولیس فاؤنڈیشن میں شاندار ولیمہ تقریب کا انعقاد

اسلام آباد: پنجاب میڈیا ایسوسی ایشن PMA کے مرکزی صدر ملک یاسر نے گزشتہ روز ریحان علی کی دعوتِ ولیمہ کی پُروقار تقریب میں بطور مہمانِ خصوصی شرکت کی۔ یہ شاندار تقریب نیشنل پولیس فاؤنڈیشن کے قریب واقع ایگزیکٹو مارکی، اٹک پٹرولیم کے عقب میں منعقد ہوئی جس میں جڑواں شہروں کی نامور سیاسی، سماجی، کاروباری اور صحافتی شخصیات نے بھرپور شرکت کی۔ صدر PMA ملک یاسر نے اس موقع پر دولہا ریحان علی کو شادی خانہ آبادی کی مبارکباد دی اور ان کی نئی زندگی کے لیے نیک خواہشات اور دعاؤں کا اظہار کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ خوشی کے ایسے مواقع باہمی محبت، بھائی چارے اور سماجی روابط کو مضبوط بناتے ہیں۔ تقریب میں علاقے کی معروف کاروباری و سماجی شخصیات ملک عاشق حسین، حاجی محبوب حسین، حاجی ملک شوکت اور نوجوان رہنما ملک رضوان ظہور نے بھی شرکت کی۔ معزز مہمانوں نے دولہا اور ان کے اہلِ خانہ کو گلدستے اور تحائف پیش کیے۔ ایگزیکٹو مارکی کی خوبصورت لائٹنگ اور جدید انتظامات نے تقریب کو چار چاند لگا دیے۔ منتظمین کی جانب سے مہمانوں کے لیے پُرتکلف اور ذائقے دار عشائیے کا بھی خصوصی اہتمام کیا گیا تھا جسے شرکاء نے بے حد سراہا۔ تقریب کا ماحول انتہائی خوشگوار اور خاندانی نوعیت کا رہا۔ *اختتام پر دولہا کے والد اور اہلِ خانہ نے صدر PMA ملک یاسر سمیت تمام معزز مہمانوں، دوست احباب اور عزیز و اقارب کا اپنی مصروفیت سے وقت نکال کر تقریب کو رونق بخشنے پر تہہ دل سے شکریہ ادا کیا اور ان کی تشریف آوری کو باعثِ فخر قرار دیا۔

## بہاولپور میں مفت فزیو تھراپی اور میڈیکل کیمپ کا انعقاد

### بہاولپور کے شہریوں کے لئے مفت طبّی سہولیات فراہم کی گئیں، طالب حسین ریڑ

بہاولپور (عطاءالمنعم سے) انٹرنیشنل ریڑ فیڈریشن کے زیر اہتمام ایک روزہ مفت فزیو تھراپی اور میڈیکل کیمپ کا انعقاد مورخہ 7 جون بروز اتوار طالب حسین ریڑ مرکزی صدر انٹرنیشنل ریڑ فیڈریشن کی رہائش گاہ ہاؤس نمبر 63، گلی نمبر 6، دربار محل ٹاؤن نزد احمد پبلک سکول بہاولپور میں کیا گیا۔اس فلاحی کیمپ میں ماہر فزیو تھراپسٹ ڈاکٹر احمد حسن صاحب نے مریضوں کا مفت معائنہ، تشخیص اور مشاورت فراہم کی۔ بڑی تعداد میں شہریوں نے شرکت کی اور مختلف جسمانی وطبّی مسائل کے حوالے سے طبّی رہنمائی حاصل کی۔ کیمپ کے دوران کمر، گردن، گھٹنوں کے درد، فالج اور اعصابی کمزوری، بلڈ پریشر اور شوگر، معدے کے مختلف امراض آپریشن کے بعد بحالی کے مسائل امراض کے مریضوں کا خصوصی معائنہ کیا گیا: ماہر فزیو تھراپسٹ نے مریضوں کو جدید فزیو تھراپی طریقہ علاج کے ذریعے بغیر ادویات بہتر صحت کی جانب رہنمائی فراہم کی۔ فری میڈیکل کیمپ کے دوران بعض مریضوں کو مفت ادویات فراہم کی گئیں جبکہ دیگر ادویات پر خصوصی رعایت (ڈسکاؤنٹ) بھی دی گئی تاکہ زیادہ سے زیادہ افراد اس سہولت سے مستفید ہو سکیں۔ اس موقع پر طالب حسین ریڑ مرکزی صدر انٹرنیشنل ریڑ فیڈریشن نے طاہر بشیر ریڑ ڈسٹرکٹ پریزیڈنٹ میڈیا ایسوسی ایشن بہاولپور سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اس کیمپ کا بنیادی مقصد عوام الناس کو جدید اور معیاری طبّی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنا اور صحت کے حوالے سے آگاہی پیدا کرنا ہے۔ کیمپ کے اختتام پر انٹرنیشنل ریڑ فیڈریشن کے عہدیداران نے فزیو تھراپسٹ ڈاکٹر احمد حسن صاحب، طبّی عملہ اور تمام شرکاء کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ آئندہ بھی ایسے فلاحی وصحت عامہ کے منصوبے جاری رکھے جائیں گے۔

## کامونکے میں موٹر سائیکل حادثے میں نوجوان شدید زخمی

### تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال میں زخمیوں کا علاج جاری ہے

کامونکے(وقار احمد سے) تیز رفتار موٹر سائیکل سے گر کر نوجوان شدید زخمی ہوگیا۔بتایا گیا ہے کہ گذشتہ روز حبیب پورہ کا حمید موٹر سائیکل سے گر کر شدید زخمی ہوگیا۔دیگر ٹریفک حادثات میں محلہ دھوپ سڑی کی خدیجہ نورین، موڑ ایمن آباد کا علی، سادھوکی کا محمد دین اور احمد شدید زخمی ہوگیا۔زخمیوں کو طبّی امداد کیلئے تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔۔۔

## آزاد کشمیر میں سیاسی مخالفین پر ظلم شرم ناک ہے: شجاع الدین شیخ

### جمہوری اقدار کی پامالی اور عوامی رائے کا انکار خطرناک ہے

گوجر خان (وقار بٹ سے): آزاد کشمیر اور گلگت بلتستان میں انتخابات سے قبل ریاست کا سیاسی مخالفین اور عوام پر بدترین ظلم وجبر کرنا شرم ناک ہے۔ عوامی مقبولیت کی حامل پُرامن جماعتوں کو محض الیکشن سے باہر رکھنے کے لیے کالعدم قرار دینا ملکی سلامتی کے لیے انتہائی خطرناک ثابت ہو سکتا ہے۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر شجاع الدین شیخ نے ایک بیان میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ آزاد جموں وکشمیر کی حکومت کی جانب سے ”جوائنٹ عوامی ایکشن کمیٹی“ (جے اے اے سی) پر پابندی عائد کرتے ہوئے اُسے انسدادِ دہشت گردی ایکٹ کے تحت کالعدم قرار دینا سیاسی جبر کی بدترین مثال ہے۔ حکومتی بیانیہ یہ ہے کہ یہ اقدام مبینہ طور پر جے اے اے سی کی دہشت گردی میں ملوث ہونے اور نفرت انگیز رجحانات کو فروغ دینے کے باعث اٹھایا گیا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ یہ فیصلہ محض سیاسی مخالفین کو انتخابی میدان سے باہر رکھنے کے لیے کیا گیا ہے۔ 27 جولائی کو آزاد کشمیر میں عام انتخابات منعقد ہونے جارہے ہیں اور سب جانتے ہیں کہ جے اے اے سی نے آزاد کشمیر کے لوگوں کے جائز حقوق کے لیے جس تندہی اور کامیابی سے پُرامن رہتے جدوجہد کی ہے اُس کے نتیجے میں عوامی جذبات مکمل طور پر اُن کے ساتھ ہیں۔ اگر یہ جماعت انتخابی عمل میں شریک ہوتی تو کلین سوئیپ کر جاتی اور نیلی شرافیہ کا اصل خوف ہے۔ پھر یہ کہ اس پابندی کا اطلاق ان تمام تنظیموں پر بھی کیا گیا ہے جو اسی نام یا مشابہ عنوان کے تحت سرگرم ہیں، تاکہ کسی بھی صورت میں عوامی آواز کو انتخابی عمل میں جگہ نہ مل سکے۔ ایسا طرزِ عمل نہ صرف جمہوری اقدار کی پامالی ہے بلکہ عوامی رائے کے صریحاً انکار کے مترادف ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ریاست نے 1971ء میں ملک کے دولخت ہونے سے کچھ سبق نہیں سیکھا اور سیاسی جبر کی تاریخ ایک مرتبہ پھر دہرائی جارہی ہے۔ عوامی مینڈیٹ کو دبانے کے لیے ریاستی طاقت کا بے دریغ استعمال دراصل اس بات کا اعلان ہے کہ حکمران طبقہ اقتدار کے تحفظ کے لیے کسی بھی حد تک جاسکتا ہے۔ امیر تنظیم نے کہا کہ اِسی تناظر میں گلگت بلتستان میں بھی گزشتہ چند دنوں سے سیاسی کارکنوں کی گرفتاری، عوامی ایکشن کمیٹی کے ارکین کی حراست اور حکومت مخالف جماعتوں کے آئینی حقوق کی پامالی اور پارلیمانی نمائندگی سے محرومی کی خبریں سامنے آرہی ہیں۔ گلگت بلتستان میں انتخابات منعقد ہو رہے ہیں اور ان انتخابات سے قبل عوامی قوتوں

## آئی جی اسلام آباد کا مقدمات کی تفتیش میں شفافیت کا عزم

### اجلاس میں شہریوں کے حقوق کے تحفظ پر زور دیا گیا، سید علی ناصر رضوی

اسلام آباد (بیورو چیف ملک یاسر) کی رپورٹ کے مطابق سید علی ناصر رضوی کی زیرِ صدارت سنٹرل پولیس آفس میں اہم اجلاس منعقد ہوا جس میں طاہر کاظم نے خصوصی شرکت کی۔ اجلاس کے دوران زیرِ تفتیش مقدمات، پولیس کارروائیوں کے قانونی پہلوؤں، تفتیشی نظام میں بہتری، عدالتی امور اور شہریوں کے بنیادی حقوق کے تحفظ سے متعلق اہم معاملات کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے ہدایت جاری کرتے ہوئے کہا کہ تمام مقدمات کی تفتیش میرٹ، شفافیت اور قانون کے مطابق مکمل کی جائے تاکہ شہریوں کو فوری اور مؤثر انصاف کی فراہمی یقینی بنائی جاسکے۔ انہوں نے زور دیا کہ پولیس افسران و اہلکاروں کی قانونی تربیت اور آگاہی کو مزید مؤثر بنایا جائے تاکہ دورانِ تفتیش اور کارروائی کسی بھی قسم کی قانونی خامی کو بچایا جاسکے۔ اجلاس میں انسدادِ جرائم کے حوالے سے جاری حکمتِ عملی، ملزمان کے خلاف مضبوط قانونی کارروائی، چالان کے معیار کو بہتر بنانے اور پراسیکیوشن کے ساتھ مربوط رابطوں پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ آئی جی اسلام آباد نے کہا کہ شہریوں کے آئینی و قانونی حقوق کا تحفظ اسلام آباد پولیس کی اولین ترجیح ہے اور کسی بھی شہری کے ساتھ غیر قانونی یا غیر اخلاقی رویہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے مزید ہدایت کی کہ تمام پولیس افسران اپنے فرائض کی انجام دہی میں قانون، پیشہ ورانہ مہارت اور شفافیت کو ہر صورت مقدم رکھیں جبکہ جرائم پیشہ عناصر، سماج دشمن سرگرمیوں اور قانون شکنی میں ملوث افراد کے خلاف بلاامتیاز کارروائیاں مزید تیز کی جائیں۔ اجلاس کے اختتام پر پولیس کے قانونی شعبے کی کارکردگی بہتر بنانے اور عوامی اعتماد کو مزید مضبوط کرنے کے لیے مختلف اہم فیصلے بھی کیے گئے۔

## میاں محمد عرفان کو ضلعی صدر نیشنل لیبر فیڈریشن مقرر کیا گیا

### چوہدری ثاقب بندیشہ نے میاں محمد عرفان کو مبارکباد دی

ٹوبہ ٹیک سنگھ (بیورو چیف سے) میاں محمد عرفان (ایم ایس پٹرولیم) کو ضلعی صدر نیشنل لیبر فیڈریشن ٹوبہ ٹیک سنگھ مقرر ہونے پر دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتے ہیں۔اس موقع پر Real Estate Ittehad Association Registered کے ضلعی صدر چوہدری ثاقب بندیشہ نے اپنے دفتر اسٹار پراپرٹی لنکس میں میاں محمد عرفان کو پھولوں کا گلدستہ پیش کیا اور گلے میں مالا پہنا کر نیک تمناؤں اور نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ اس تقریب میں ملک وسیم اکرم (ضلعی صدر جماعت اسلامی یوتھ ونگ ٹوبہ ٹیک سنگھ)، غلام مصطفیٰ چوہدری (ضلعی نائب صدر نیشنل لیبر فیڈریشن ٹوبہ ٹیک سنگھ) اور محمد عرفان بلاپوریا بھی موجود تھے۔ اللہ تعالیٰ میاں محمد عرفان کو اپنی نئی ذمہ داری احسن انداز میں نبھانے کی توفیق عطا فرمائے اور مزدوروں کے حقوق کے تحفظ اور فلاح و بہبود کے لیے ان کی خدمات میں برکت عطا فرمائے۔ مبارکباد و نیک تمنائیں

## لاہور آڈٹ اینڈ اکاونٹس سوسائٹی میں احتجاج جاری

### سیوریج اور دیگر مسائل پر رہائشیوں کا احتجاج، یعقوب رضا کی قیادت

لاہور آڈٹ اینڈ اکاونٹس سوسائٹی میں سیوریج اور دیگر مسائل کے حوالے سے یعقوب رضا کاشف بٹ نوید فیروز عطاری عرفان سکندر محمد سعید عبدالحمید محمد ارشد ڈاکٹر عرفان اور دیگر رہائشی احتجاج کر رہے ہیں فوٹو شہباز احمد

## نیشنل بینک آف پاکستان سوہاوہ میں نئی جگہ منتقل ہوا

### برانچ میں سیکیورٹی گارڈ اور 24 گھنٹے پولیس کی ڈیوٹی موجود ہے



طارق محمود مغل خبر شامل کرتے ہیں سوہاوہ سے۔ نیشنل بینک آف پاکستان جی ٹی روڈ پر واقع ہے اس کے برانچ منیجر عزیز احمد کیانی ہیں پہلے برانچ اللہ دتہ بھٹی کی بلڈنگ میں تھی جس کو قبل ازیں 7 سال میں نے ریورٹنگ کی ابھی نیشنل بینک آف پاکستان بالمقابل کشمیر پارک سوہاوہ میں شفٹ ہوگئی برانچ ملک طارق محمود کے پلازہ میں ہے برانچ میں پولیس کی ڈیوٹی 24 گھنٹے ہوتی ہے اور سیکیورٹی گارڈ صبح 9 شام 5 بجے تک موجود ہوتے ہیں ATM اور اسلامی بینکنگ کی سہولت موجود ہے برانچ میں گولڈ لون کی سہولت میسر ہے سونے کے عوض قرضہ دیا جاتا ہے سٹاف انتہائی محنتی اور تعاون کرنے والا ہے

## ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کا فوڈ سیفٹی ٹیموں کا آپریشن

### ناقص خوراک کی موجودگی پر چھاپوں میں 6 یونٹس بند کیے گئے، سید موسیٰ رضا

لاہور تفصیلات (رخسانہ نور) ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں کا مختلف علاقوں میں آپریشن 6 فوڈ یونٹس، کولڈ سٹورز پر چھاپے، 100 لٹر ناقص اور زائد استعمال شدہ آئل سمیت دیگر اشیاء تلف سیمپل فیل ہونے پر واٹر فلٹریشن پلانٹ کو بند کر دیا گیا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی معیاری خوراک کی فراہمی اور ملاوٹ مافیا کی سرکوبی کے لیے کوشاں ہیں، سید موسیٰ رضا لاہور 8 جون: فوڈ سیفٹی اولین ترجیح ہے. قانون شکن عناصر کیخلاف آپریشن جاری ہے، ڈی جی پنجاب فوڈ اتھارٹی کے حکم پر فوڈ سیفٹی ٹیموں نے مختلف علاقوں میں 6 فوڈ یونٹس، کولڈ سٹورز پر کارروائیاں کرتے ہوئے 3 یونٹ بند جبکہ 3 کو 3 لاکھ 50 ہزار کے جرمانے عائد کر دیے اور 100 لٹر ناقص اور زائد استعمال شدہ آئل سمیت دیگر اشیاء تلف کر دی گئیں۔ جاری تفصیلات میں بتایا گیا کہ 1 پولٹری انڈوں کا یونٹ بند، بھاری جرمانہ بھی عائد کیا گیا، پرو سیسنگ ایریا میں صفائی کے ناقص انتظامات، چوہوں، حشرات کی بھرمار پائی گئی، پرو سیسنگ کے لیے انڈوں کی صفائی اور واشنگ کا مناسب انتظام نہ تھا، قوانین کے خلاف یونٹ میں کھلی نالیاں، زنگ آلود مشینری اور گندے فرش پائے گئے، سیمپل فیل ہونے پر واٹر فلٹریشن پلانٹ کو بند کر دیا گیا، ڈی جی فوڈ اتھارٹی سید موسیٰ رضا کے مطابق معیاری خوراک کی فراہمی اور ملاوٹ مافیا کی سرکوبی کے لیے کوشاں ہیں، پنجاب میں خوراک کا کاروبار کرنے کے لیے قوانین پر عملدرآمد ضروری ہے، عوام کی صحت کے ساتھ کھلواڑ کرنے والے عناصر کسی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔

## وزیر اعلیٰ پنجاب کی ہدایت پر اشیائے خورونوش کی قیمتوں پر کنٹرول

### ناجائز منافع خوروں کے خلاف سخت قانونی کارروائی کا آغاز، عثمان جلیس

شیخوپورہ (شیخ محمد شفیق سلطانی بیورو چیف سے ) شیخ